https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

ABC Certified

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN OBSERVER
Quetta

بلوچستان آبزرور کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | بدھ 7 اکتوبر 2026ء | 22 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 173

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھائیگی

شہباز شریف

حکومت اور پیپلز پارٹی کی مشترکہ کمیٹی نے بامعنی اور پرخلوص مذاکرات سے مسائل کا مل بیٹھ کر حل تلاش کرنے کی کوشش کی، ملک کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا

پی ٹی آئی ہوش کے ناخن لے، پی ٹی آئی احتجاجی سیاست سے ملکی معیشت کو پہنچنے والے نقصان کا ادراک کرتے ہوئے لانگ مارچ ختم کرے، وزیراعظم کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ دھرنوں اور احتجاج کی سیاست سے معیشت اور پاکستان کی عالمی ساکھ کو نقصان پہنچانا ملک دشمنی ہے، پی ٹی آئی ہوش کے ناخن لے، پی ٹی آئی احتجاجی سیاست سے ملکی معیشت کو پہنچنے والے نقصان کا ادراک کرتے ہوئے لانگ مارچ ختم کرے، حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گی، حکومت اور پیپلز پارٹی کی مشترکہ کمیٹی نے بامعنی اور پرخلوص مذاکرات سے مسائل کا مل بیٹھ کر حل تلاش کرنے کی کوشش کی، ملک کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا، کشمیر چوک کشمیر کے نام سے منسوب ہے، یہی شاہراہ ایک دن سری نگر تک پہنچے گی، کشمیریوں کو (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

Groundbreaking
Ceremony
KASHMIR CHOWK

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف کشمیر چوک انڈر پاس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کیڈٹ کالجز کی انتظامی، تدریسی اور بنیادی ضروریات کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جائیگا، جعفر مندوخیل

موجودہ کیڈٹ کالجز کے معیار اور کارکردگی کو ملک کے بہترین کیڈٹ کالجز کے معیار کے مطابق لانے کیلئے ٹھوس اور موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں

ہم کیڈٹ کالجز کے اساتذہ اور اسٹاف کو ملک کے بہترین کیڈٹ کالجز کے معیار کے مطابق بہترین سہولیات فراہم کرینگے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے میں کیڈٹ کالجز کی تعداد بڑھانے کے بجائے موجودہ کیڈٹ کالجز کے معیار اور کارکردگی کو ملک کے بہترین کیڈٹ کالجز کے معیار کے مطابق لانے کیلئے ٹھوس اور موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مزید طلبہ کیلئے گنجائش پیدا کرنے اور ان پر تعلیمی فیس کا اضافی بوجھ ڈالنے کے بجائے ہماری ترجیح موجودہ کیڈٹ کالجز کے اساتذہ اور زیرِ تعلیم کیڈٹس کو بہتر (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل کی وفد کے ہمراہ ملاقات

پاکستان آئی ایل او کے ساتھ اپنی مثبت شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان، نوجوانوں کے لیے باوقار اور کارآمد روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے انٹرنیشنل (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

صدر مملکت سے پولینڈ کے وزیر اور خصوصی خدمات کے کوآرڈینیٹر کی ملاقات

آصف زرداری کا دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون کو کثیرالجہتی شراکت داری میں تبدیل کرنے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور پولینڈ کے درمیان دوطرفہ تعاون کو کثیرالجہتی شراکت داری میں تبدیل کرنے کی ضرورت پر زور (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

صدر مملکت آصف علی زرداری نے تین سمریز کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے تین سمریز کی منظوری دے دی۔ منگل کو ایوان صدر کے میڈیا (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی صدر زرداری سے ملاقات، ملک کی سیاسی و سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی صدر مملکت آصف زرداری سے ملاقات ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

صدر آصف علی زرداری نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو نشان امتیاز عطا کیا

اقوام متحدہ کی اصولی قیادت، عالمی امن، سفارت کاری اور تنازعات کے پرامن حل کیلئے سیکرٹری جنرل کی کوششوں کی تحسین

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو ان کے نمایاں بین الاقوامی کردار، اقوام متحدہ کی قیادت اور عالمی امن و ترقی کے لیے خدمات کے اعتراف میں پاکستان کا اعلیٰ ترین سول اعزاز نشان امتیاز عطا کیا ہے، یہ اعزاز پاکستان کی جانب سے اقوام متحدہ کے کسی بھی سیکرٹری جنرل کو پہلی مرتبہ دیا گیا ہے (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

مذاکرات کی پیشکش موجود، پی ٹی آئی کو لانگ مارچ ختم کرنا ہوگا، رانا ثناء اللہ

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں مولانا فضل الرحمان حکومت اور افواج پاکستان کے ساتھ ہیں، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ مذاکرات کی پیشکش موجود ہے، لانگ مارچ ختم کریں تو بات ہوسکتی ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں وفاقی حکومت نے جو بھی فیصلہ کیا ہے، تمام اداروں اور صوبائی حکومتوں کو غیر مشروط طور پر اس کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے، تحریک انصاف کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں غیر مشروط طور پر پاکستان اور وفاقی (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

محکمانہ نظم و ضبط اور احتساب پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، سرفراز بگٹی

غیر حاضری اور فرائض میں غفلت کے مرتکب 871 پولیس اہلکاروں کو برطرف کیا جا چکا ہے، مختلف شخصیات کے ساتھ تعینات 1,005 پولیس اہلکاروں کی خدمات واپس محکمہ پولیس کے حوالے کر دی گئی ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت سیکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو مزید مؤثر اور جدید بنانے کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس، صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، پولیس اصلاحات، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور دہشت گردی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقدامات کا تفصیلی جائزہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں سیکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو مزید مؤثر اور جدید بنانے کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، پولیس اصلاحات، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور دہشت گردی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے سیکیورٹی صورتحال، پولیسنگ کے نظام، محکمانہ اصلاحات اور سیکیورٹی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں بلوچستان میں سیکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کوئٹہ انٹیگریٹڈ سیکیورٹی پروجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کوئٹہ گرین ڈیجیٹل کوریڈور کے تحت شہر میں 2,900 کیمرے نصب کیے جائیں گے، جن کے ذریعے سیکیورٹی نگرانی (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کوئٹہ انٹیگریٹڈ سیکیورٹی پروجیکٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کا اعلان کردیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں اضافے جبکہ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں کمی کا اعلان کر دیا۔ پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں ایک روپے 19 پیسے فی لیٹر اضافہ کر دیا گیا جس کے بعد (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

دو اہم ترمیمی قوانین منظور، میر زابد ریکی کا راستے میں سفر روکے جانے پر احتجاج

بلوچستان اسمبلی اجلاس

اسپیکر کا جنگلات بھرتی اسکینڈل کی تحقیقات کیلئے دو روز میں کمیٹی بنانے کا اعلان، ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ حمزہ شفقات کو ایوان میں طلب کر کے الزامات کے شواہد پیش کرنے کا کہا جائے، زابد ریکی

پاکستان کا پاسپورٹ پھینکا قابل مذمت ہے، زابد ریکی کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ قابل مذمت ہے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کو اپنے چیمبر میں طلب کر لیا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد ریکی کا سفر سے روکے جانے پر احتجاج، اسمبلی نے دو اہم ترمیمی قوانین منظور کر لیے، اسپیکر کا جنگلات بھرتی اسکینڈل کی تحقیقات کیلئے دو روز میں کمیٹی بنانے کا اعلان۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس منگل کو اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا، اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن اسمبلی زابد ریکی نے پوائنٹ (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کا اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے اعزاز میں ظہرانہ

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نائب وزیراعظم کی دعوت پر پاکستان کے تین روزہ دورے پر ہیں

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے اعزاز میں منگل کو ظہرانے کا اہتمام کیا۔ ترجمان (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

ٹانک میں این جی او کے 3 ملازمین اغوا، بنوں میں پولیس سے فائرنگ تبادلے میں دو دہشتگرد ہلاک

ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیو مہم کے دوران مبینہ طور پر اغوا ہونے والے ڈاکٹر مبشر بحفاظت گھر واپس پہنچ گئے، ذرائع

ٹانک (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک میں این جی او کے تین ملازمین کو اغواء کر لیا گیا جبکہ بنوں میں پولیس کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ ٹانک کے علاقے گرہ میٹھو سے این جی او کے تحت بنیادی مراکز صحت میں کام کرنے والے 3 افراد کو مبینہ طور پر اغواء کر لیا گیا ہے، مغویوں کی شناخت سعید انور، صفی اللہ (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

دکی میں کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے سے دو بھائی جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) دکی میں کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے سے دو بھائی جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق منگل کو دکی میں مقامی کوئلہ کان میں گیس بھرنے سے (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

امیر حمزہ زہری سے پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

پاکستان کا فتح 4 میزائل کے توسیعی ورژن کا کامیاب تجربہ

یہ ویپن سسٹم وسیع رینج پر اہداف کو انتہائی درستی کے ساتھ نشانہ لگانے کی صلاحیت کا حامل ہے

فتح 4 کروز میزائل کا توسیعی ورژن جدید ایوانکس اور شاندار نیوی گیشنل معاونت سے لیس ہے، صدرِ مملکت، وزیراعظم، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور سروسز چیفس کا کامیاب تجربے پر اطمینان کا اظہار

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان نے زمین سے مار کرنے والے فتح 4 کروز میزائل سسٹم کا کامیاب تجربہ کیا ہے، فتح 4 کروز میزائل کا توسیعی ورژن جدید ایوانکس اور شاندار نیوی گیشنل معاونت سے لیس ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق مقامی طور پر تیار کردہ فتح 4 گراؤنڈ لانچڈ کروز میزائل کے توسیعی ورژن کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فتح 4 کروز میزائل کا (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

بانی کیلئے لندن سے ڈاکٹر بلانے کی تصدیق، ڈاکٹر فرقاد کو 10 اگست کو لندن سے بلایا گیا

میڈیکل بورڈ نے بانی کی اہلیہ سے ملاقاتوں میں اضافے کی سفارش بھی کی تھی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنے کیلئے لندن سے ایک ڈاکٹر کو اڈیالہ جیل بلوانے کی تصدیق ہوگئی۔ اڈیالہ جیل راولپنڈی میں 10 اگست کو بانی کے طبی معائنے کی رپورٹ سامنے آ گئی۔ رپورٹ کے مطابق بانی کے علاج کے لیے لندن سے ڈاکٹر فرقاد عالمگیر کو اڈیالہ جیل بلایا گیا تھا، بانی کا طبی معائنہ کرنے والے میڈیکل بورڈ میں چار ڈاکٹرز شامل (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

شعیب نوشیروانی کا بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی آفس کا دورہ

خاران کے نوجوانوں میں خود روزگاری کے فروغ کے لیے انٹرپرینیورشپ اور "قرضِ حسنہ اسکیم" بھی متعارف کرائی جائے گی

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (TEVTA-B) آفس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر زرکون سے تفصیلی ملاقات کی۔ اس موقع پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ یونٹ کے سربراہ ڈاکٹر نور محمد، بی-ٹیوٹا کے ڈائریکٹرز سمیت دیگر حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران صوبائی (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

ایف بی آر نے انکم ٹیکس رولز 2002 میں مزید ترامیم کا مسودہ جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل آل بلوچستان کیڈٹ کالجز کے 19 ویں بورڈ آف گورنرز اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومتی رویے سے مذاکرات کی گنجائش کم ہوتی دکھائی دے رہی ہے

مولانا فضل الرحمان

لانگ مارچ اور احتجاج سیاسی و جمہوری حق ہے، اگر پی ٹی آئی اسلام آباد آنا چاہتی ہے تو اصولی طور پر اسے اجازت ہونی چاہیے

ہم مذاکرات کے عمل سے اصولی طور پر اختلاف نہیں کرتے، سب برابر کے پاکستانی ہیں، کسی کی وفاداری مشکوک قرار نہیں دی جاسکتی، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ حکومت کے رویے سے آئندہ مذاکرات کی گنجائش کم ہوتی دکھائی دے رہی ہے، جمہوری اور سیاسی قوتیں مذاکرات پر یقین رکھتی ہیں، ہم مذاکرات کے عمل سے اصولی طور پر اختلاف نہیں کرتے، سب برابر کے پاکستانی ہیں، کسی کی وفاداری مشکوک قرار نہیں دی جا سکتی، لانگ مارچ اور احتجاج سیاسی و جمہوری حق ہے، اگر (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

بولان، نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

بولان کے علاقے پولیس تھانہ بالا ناڑی کی حدود میں نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک پر دھماکہ خیز مواد نصب کر رکھا تھا

بولان (این این آئی) بولان کے علاقے میں نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق بولان کے علاقے پولیس تھانہ بالا ناڑی کی حدود میں نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک پر دھماکہ خیز مواد نصب کر رکھا تھا جو زوردار دھماکے (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی برآمدی ترقی کیلئے مضبوط قومی برانڈنگ ناگزیر ہے، احسن اقبال

قومی برانڈنگ کی حکمت عملی نیشن برانڈ لینز کے تحت سات بنیادی ستونوں پر استوار ہوگی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

آئی ایم ایف اور پاکستان کے درمیان کامیاب مذاکرات، ڈالر کے مقابلے میں روپیہ مضبوط رہا

کراچی (این این آئی) آئی ایم ایف جائزہ مشن اور پاکستان کے درمیان کامیاب مذاکرات اور دیگر وجوہات کے سبب زرمبادلہ کے دونوں بازاروں میں منگل کو بھی ڈالر (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

کچھی، نامعلوم مسلح ڈاکو این جی او کے عملے کو یرغمال بنا کر 4 لاکھ 20 ہزار روپے رقم چھین کر فرار

واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی کے علاقے میں مسلح ڈاکوؤں نے این جی او کے عملے کو یرغمال بنا کر چار لاکھ بیس ہزار روپے کی رقم چھین لی اور فرار ہوگئے پولیس کے (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن حملہ، تحقیقاتی کمیشن میں این سی آئی اے کوئٹہ کی رپورٹ پیش

آئندہ سماعت پر ویڈیو لنک کے ذریعے کمیشن کے سامنے پیش ہو کر اس معاملے پر اقدامات سے متعلق کمیشن کو تفصیلی بریفنگ دیں

حملے کی تحقیقات کے لیے قائم تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا نے کھلی عدالت میں کمیشن کی سماعت کی

کوئٹہ (این این آئی) زیارت میں مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر ہونے والے دہشت گردی کے حملے کی تحقیقات کے لیے قائم تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا نے کھلی عدالت میں کمیشن کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی آئی اے کوئٹہ زون نے مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر مذکورہ حملے کے بعد سے لیکر اب تک اٹھائے گئے اقدامات اور سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی جعلی، من گھڑت اور گمراہ کن خبروں کے خلاف قانونی کارروائی سے متعلق پیش رفت رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ کے مطابق اب تک ایسے 50 پیجز کو ضروری قانونی (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

صدر مملکت سے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور عالمی ادارہ محنت (آئی ایل او) کے درمیان (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کا یوٹرن، ووٹرز کو بذریعہ ڈاک ووٹ ڈالنے کی ترغیب

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر اپنے ووٹرز کو ترغیب دی ہے کہ اگر وہ چاہیں تو امریکی (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی پارلیمانی سیکرٹری میر عبیداللہ گورگیج اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

اگر حکومت رابطہ کرے تو مثبت جواب دیا جائے

محمود اچکزئی

حکومت کے رابطے پر پہلی شرط بانی سے ملاقات ہونی چاہیے، بہنوں کی رہائی سے حکومت مثبت پیش رفت کا آغاز کرسکتی ہے

بانی سے ملاقات نہ ہوئی تو وزیراعظم سے ملاقات سے انکار کا سوچا جا سکتا ہے، محمود اچکزئی نے اپوزیشن ٹیم کو مذاکرات سے متعلق ہدایات جاری کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن ٹیم کو حکومت سے مذاکرات سے متعلق ہدایات جاری کر دیں۔ ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی نے اس بارے میں اخونزادہ حسین یوسفزئی کے ذریعے اپوزیشن رہنماؤں کو پیغام بھجوا دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی نے کہا کہ اگر حکومت رابطہ کرے تو مثبت جواب دیا جائے، حکومت کے رابطے پر پہلی شرط بانی سے ملاقات ہونی چاہیے (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی، عبدالقادر

شاہراہوں کے منصوبوں کے لیے فوری فنڈز جاری کیے جائیں

صوبے بھر میں نیشنل ہائی وے کے منصوبے فنڈز کی کمی سے سست روی کا شکار، آٹھ سے دس سال کی تاخیر سے لاگت اور عوام کی مشکلات بڑھ رہی ہیں،

کوئٹہ (این این آئی) سینیٹر محمد عبدالقادر نے بلوچستان میں قومی شاہراہوں کے جاری منصوبوں کے لیے ناکافی فنڈز کی فراہمی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے ساتھ ترقیاتی وسائل کی تقسیم میں ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی۔ وفاقی حکومت، وزارتِ منصوبہ بندی اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی صوبے کے برسوں سے زیر التوا منصوبوں کی تکمیل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کریں۔ (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

پشتون قوم کو زندگی کے ہر شعبے میں اذیت ناک صورتحال کا سامنا ہے، خوشحال کاکڑ

جعلی دہشتگردی اور لاقانونیت کے نام پر پشتونخوا وطن کے خلاف جو سازش ہو رہی ہے

ژوب (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی میں پشتونخوا نیپ کو نمائندگی ملنے میں ژوب کے غیور عوام کا بہت (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اسماعیل خان، نامعلوم دہشتگردوں کی فائرنگ سے 5 سرکاری اہلکاروں شہید، ملزمان فرار

صدر، وزیراعظم اور وزیر داخلہ محسن نقوی کا ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار

ڈیرہ اسماعیل خان/اسلام آباد (این این آئی) ڈیرہ اسماعیل خان میں (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں بدامنی رپورٹس سے کہیں زیادہ، شاہراہوں پر سفر ناممکن

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

بلوچستان کے عوام کے مسائل، بدامنی، شاہراہوں کی بندش، روزگار، وسائل کے تحفظ اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل پیش کیا جائے گا

بلوچستان میں بدامنی کی صورتحال سرکاری رپورٹس سے کہیں زیادہ سنگین ہے، عوام شہروں تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بدامنی کی صورتحال سرکاری رپورٹس سے کہیں زیادہ سنگین ہے، شاہراہوں پر سفر تقریباً ناممکن ہو چکا ہے، لوگ شہروں تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں، زمینی سفر غیر محفوظ جبکہ ہوائی سفر انتہائی مہنگا ہونے کے باعث عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہے۔ بلوچستان کے عوام کو امن، تحفظ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

آئی ایم ایف کا گیس کی قیمتوں کا ڈھانچہ ٹارگٹڈ سبسڈی کی بنیاد پر مرتب کرنے کا مطالبہ

آئی ایم ایف سے ہونیوالے مذاکرات میں پیٹرول اور ڈیزل پر 80/ 80 روپے فی لیٹر لیوی سے عوام کی مشکلات سے بھی آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے گیس کی قیمتوں کا ڈھانچہ ٹارگٹڈ سبسڈی کی بنیاد پر مرتب کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف سے ہونے والے مذاکرات میں تیل کی موجودہ قیمتوں پر بحث کی گئی جب کہ پیٹرول اور ڈیزل پر 80/ 80 روپے فی لیٹر لیوی سے عوام کی مشکلات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ مذکرات میں آئی ایم ایف نے گیس کی قیمتوں کا ڈھانچہ ٹارگٹڈ سبسڈی کی بنیاد پر مرتب کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ یاد رہے آئی ایم ایف (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی سے وفد ملاقات کر رہا ہے

بلوچستان کے ضلع کیچ سے 56 کروڑ بھاری مالیت کی منشیات برآمد

منشیات قبضے میں لے کر اس سے منسلک اسمگلنگ نیٹ ورک اور سہولت کاروں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا ہے

کیچ (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے بلوچستان کے ضلع کیچ میں خفیہ ٹھکانے پر چھاپہ مار کارروائی کے دوران بیرون ملک اسمگل کیلئے جمع کی جانے والی 96 من سے زائد منشیات تحویل میں لے لی، بین الاقوامی منڈی میں پکڑی جانے والی چرس، میتھ ایمفیٹامائن (آئس) اور ہیروئن کی مالیت لگ بھگ 56 کروڑ روپے ہے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق منشیات کی اسمگلنگ کیخلاف کریک ڈاؤن کے دوران بلوچستان کے ضلع کیچ کے علاقے جوسک میں ایک (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN Observer
Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

لائیو اسٹاک اور گوشت کی برآمدات بڑھانے کیلئے حکومتی اقدامات

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے لائیو اسٹاک شعبے کی برآمدات میں اضافے کیلئے درآمد شدہ مویشیوں کی خصوصی فارم ہاؤسز میں نشوونما کر کے انہیں برآمد کرنے، لائیو اسٹاک کے شعبے کو کارپوریٹ خطوط پر استوار کرنے اور شعبے میں نجی ماہرین کے ذریعے اصلاحات کی تیاری و نفاذ کی منظوری دے دی۔ مویشیوں کی برآمد کیلئے خصوصی فارم ہاؤسز کا قیام عمل میں لایا جائے، جہاں اعلیٰ نسل اور زیادہ پیداوار کے حامل مویشی درآمد کر کے ان کی برآمد کیلئے نشوونما کی جائے۔ اس امر کو یقینی بنانے کیلئے کہ مذکورہ فارمز میں نشوونما کردہ مویشی برآمد کئے جائیں، مویشیوں کی ٹیگنگ کا جدید نظام متعارف کروایا جائے۔ ملکی زرعی شعبے کا 60 فیصد سے زائد لائیو اسٹاک پر مبنی ہے اور اس شعبے میں برآمدات کی بھرپور استعداد موجود ہے۔ انہوں نے ملک سے منہ کھر کی بیماری کے خاتمے کیلئے مقررہ اہداف کے ساتھ لائحہ عمل آئندہ دو ہفتے میں مرتب کر کے پیش کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ملک بھر میں قائم مذبح خانوں کی بین الاقوامی سرٹیفکیشن یقینی بنانے اور مذبح خانوں کے بین الاقوامی معیار کو یقینی بنانے کیلئے تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن کرانے کی بھی ہدایت کی۔ لائیو اسٹاک میں بیماریوں کے خاتمے کیلئے وزارت قومی غذائی تحفظ صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر کام کرے۔ وزیراعظم نے گوشت اور لائیو اسٹاک کی برآمدی صنعت کی مزید ترقی کیلئے پوری ویلیو چین کی بہتری پر کام کرنے اور گوشت، لائیو اسٹاک اور اس سے منسلک برآمدات کے اہداف متعین کر کے پیش کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کو لائیو اسٹاک شعبے پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اور شعبے کی ترقی و برآمدات میں اضافے کیلئے آئندہ کے لائحہ عمل پر تجاویز پیش کی گئیں۔ ملک میں تقریباً 245 ملین مویشی موجود ہیں، جن کی مجموعی مالیت تقریباً 5.5 کھرب روپے بنتی ہے۔ لائیو اسٹاک شعبہ قومی معیشت میں 14.97 فیصد اور زرعی معیشت میں 63.6 فیصد حصہ رکھتا ہے، جبکہ سالانہ تقریباً 74.69 ملین ٹن دودھ اور 6.31 ملین ٹن گوشت پیدا ہوتا ہے، ملک کے تقریباً 80 لاکھ دیہی خاندان لائیو اسٹاک سے وابستہ ہیں، تاہم چھوٹے پیمانے پر مویشی پالنے کا رجحان اور بکھری ہوئی سپلائی چین برآمدی استعداد سے بھرپور استفادے میں رکاوٹ ہے۔ پاکستان کے گوشت کی برآمدات میں نمایاں اضافہ کرنے کی وسیع گنجائش موجود ہے، مالی سال 2025-26 میں گوشت کی برآمدات تقریباً 530 ملین ڈالر رہیں، جبکہ موجودہ برآمدات کا بڑا حصہ خلیجی ممالک کو جاتا ہے، جن میں متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، کویت اور قطر شامل ہیں، ملائیشیا، سعودی عرب، چین اور دیگر ممالک نئی اور توسیعی منڈیوں کے طور پر نمایاں امکانات رکھتے ہیں۔ اجلاس میں لائیو اسٹاک اور گوشت کی برآمدات بڑھانے کیلئے حکومت کی جانب سے کیے گئے اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا، جن میں قومی پروگرام برائے حیوانی بیماریوں کی نگرانی، ان سے تحفظ اور جانوروں کی ٹریس ایبلٹی، منہ کھر کی بیماری سے پاک زونز اور کمپارٹمنٹس کا قیام، ویکسینیشن و بیماریوں کی ڈیجیٹل نگرانی، ایکسپورٹ گریڈ فارمز اور بین الاقوامی صحت و حلال سرٹیفکیشن کا نظام شامل ہے۔

وزیراعظم کا برآمدات کی بنیاد پر معاشی ترقی کا ویژن

اسداللہ غالب

دنیا کی کوئی بھی معیشت اس وقت تک مضبوط نہیں ہو سکتی جب تک اس کی برآمدات مستحکم نہ ہوں، اور برآمدات اس وقت تک نہیں بڑھتیں جب تک چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری افراد کو آگے بڑھنے کا حوصلہ اور تحفظ نہ ملے۔ پاکستان میں لاکھوں چھوٹے کارخانہ دار، دستکار، ٹیکسٹائل یونٹ مالکان اور نوجوان کاروباری افراد ایسے ہیں جن کے پاس ہنر بھی ہے، معیاری مصنوعات بھی ہیں اور عالمی منڈی میں جگہ بنانے کی خواہش بھی۔ مگر ان کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ سرمائے یا ہنر کی کمی نہیں بلکہ ایک خاموش خوف ہے، اور وہ خوف ہے بیرونِ ملک خریدار کی طرف سے ادائیگی نہ ہونے کا۔ ایک چھوٹا برآمد کنندہ جب مال بھیجتا ہے تو اس کی پوری جمع پونجی داو؟ پر لگی ہوتی ہے۔ خریدار دیوالیہ ہو جائے، ادائیگی میں تاخیر کرے، یا اس کے ملک میں سیاسی حالات بگڑ جائیں اور رقم کی منتقلی رک جائے، تو برسوں کی محنت لمحوں میں ڈوب سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے بیشتر چھوٹے برآمد کنندگان یا تو بڑے آرڈر لینے سے گھبراتے ہیں، یا انھی چند جانے پہچانے خریداروں اور منڈیوں تک محدود رہتے ہیں۔ اس پس منظر میں حکومتِ پاکستان کی جانب سے متعارف کرائی جانے والی ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس اسکیم ایک ایسا قدم ہے جو اس دیرینہ مسئلے کو براہِ راست مخاطب کرتا ہے اور جس کی تعریف نہ کرنا زیادتی ہوگی۔

اس اسکیم کی بنیاد ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان یعنی پاک ایگزم اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے درمیان ہونے والا ایک ماسٹر فریم ورک معاہدہ ہے، جس کے تحت چھوٹے اور درمیانے برآمد کنندگان کے لیے ایک مشترکہ رسک شی؟رنگ پول قائم کیا گیا ہے۔ اس نظام میں ذمہ داریاں واضح طور پر تقسیم کی گئی ہیں۔ پاک ایگزم سرمایہ فراہم کرنے کے ساتھ پول کا انتظام سنبھالے گا، انڈر رائٹنگ کرے گا اور پالیسیاں جاری کرے گا، جبکہ ای ڈی ایف بھی سرمائے کا حصہ ڈالے گا۔ شریک بینک اور مالیاتی ادارے متبادل ذریعے کے طور پر پالیسی جاری کر سکیں گے، یعنی برآمد کنندہ چاہے تو براہِ راست پاک ایگزم سے رجوع کرے یا اپنے بینک کے ذریعے۔ اسکیم کے تحت دو مصنوعات پیش کی جائیں گی۔ پہلی کمپری ہینسو شارٹ ٹرم پالیسی ہے جو اہل برآمد کنندگان کو براہِ راست جاری ہوگی، اور دوسری بینک ماسٹر پالیسی ہے جو بینکوں کو ان کے مالی معاونت پانے والے برآمد کنندگان کے بیرونی خریداروں کی عدم ادائیگی کے خلاف تحفظ دے گی۔ طریقہ کار بھی سادہ رکھا گیا ہے: برآمد کنندہ درخواست دیتا ہے، پاک ایگزم اس کی اور اس کے خریداروں کی جانچ کرتا ہے، پالیسی جاری ہوتی ہے، برآمد کنندہ اعتماد کے ساتھ مال بھیجتا ہے، اور اگر کسی مقررہ خطرے کے باعث ادائیگی نہ ہو تو دعویٰ دائر کیا جاتا ہے جو پالیسی کی شرائط کے مطابق نمٹایا جاتا ہے۔

اس اسکیم کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ چھوٹے برآمد کنندہ کو وہ اعتماد دیتی ہے جو اب تک صرف بڑے اداروں کو حاصل تھا۔ جب ادائیگی کا خطرہ انشورنس کے ذریعے کور ہو جائے تو برآمد کنندہ نئے خریداروں سے بات کرنے، نئی منڈیوں میں قدم رکھنے اور بڑے آرڈر قبول کرنے کی ہمت کر سکتا ہے۔ وہ اوپن اکاو؟نٹ کی بنیاد پر کاروبار کر سکتا ہے، جو آج کی عالمی تجارت میں خریداروں کی پہلی ترجیح ہوتی ہے، اور یوں مسابقت میں اپنے بین الاقوامی حریفوں کے برابر کھڑا ہو سکتا ہے۔ اس کا دوسرا بڑا فائدہ بینکاری کے شعبے میں سامنے آئے گا۔ جس برآمدی بل کے پیچھے انشورنس کا تحفظ موجود ہو، اس پر بینک قرض دیتے ہوئے کم خطرہ محسوس کرتا ہے۔ نتیجتاً چھوٹے کاروباری کے لیے فنانسنگ تک رسائی آسان اور اکثر بہتر شرائط پر ممکن ہو سکتی ہے۔ بینکوں کے لیے بھی یہ ایک نیا موقع ہے کہ وہ اپنے ایس ایم ای صارفین کو ایک اضافی خدمت پیش کریں، ان سے تعلق مضبوط کریں اور اپنا پورٹ فولیو زیادہ محفوظ بنائیں۔ یعنی یہ اسکیم برآمد کنندہ، بینک اور ریاست، تینوں کیلئے فائدے کا سودا ہے۔

اس اقدام کی اصل اہمیت اس وسیع تر وژن میں پوشیدہ ہے جسے وزیراعظم شہباز شریف نے برآمدات کی بنیاد پر معاشی ترقی کا نام دیا ہے۔ پاکستان کو بار بار زرمبادلہ کے دباو؟ کا سامنا رہا ہے، اور اس کا پائیدار حل قرضوں پر انحصار نہیں بلکہ برآمدات میں اضافہ ہے۔ جب چھوٹے برآمد کنندگان کی تعداد بڑھے گی اور وہ نئی منڈیوں تک پہنچیں گے تو ملک میں ڈالر آئیں گے، کارخانے چلیں گے، روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور معیشت کا پہیہ تیز ہوگا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ حکومت نے محض اسکیم بنانے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اس کی تشہیر کو بھی اتنی ہی اہمیت دی ہے۔ حکومت کی جانب سے ملک گیر آگاہی مہم اور وسیع میڈیا کوریج کی ہدایت دی گئی ہے، کیونکہ کوئی سہولت اس وقت تک کارآمد نہیں ہوتی جب تک اس کے حقدار کو اس کی خبر ہی نہ ہو۔ تجویز کردہ آغاز یکم نومبر 2026ء ہے، اور منصوبے میں شریک بینکوں کی برانچوں اور سوشل میڈیا کے ذریعے معلومات کی فراہمی کے ساتھ چیمبرز آف کامرس کے تعاون سے ملک بھر میں روڈ شوز بھی شامل ہیں تاکہ پیغام براہِ راست ان تاجروں تک پہنچے جو اس کے اصل مخاطب ہیں۔ یہ طرزِ عمل اس بات کا ثبوت ہے کہ پالیسی سازی اور عملدرآمد کو ساتھ ساتھ چلانے کی سنجیدہ کوشش کی جا رہی ہے۔

ہمارے برآمد کنندگان کو چاہیے کہ وہ پالیسی کی شرائط کو غور سے سمجھیں، اپنے خریداروں کی جانچ پڑتال کو معمول بنائیں اور اس سہولت کو اپنی کاروباری حکمتِ عملی کا حصہ بنائیں۔ کوئی بھی انشورنس جادو کی چھڑی نہیں ہوتی۔ پاک ایگزم نے خود واضح کیا ہے کہ ہر شپمنٹ، ہر انوائس یا ہر نقصان کا تحفظ ممکن نہیں، اور کور پالیسی کی شرائط، استثنیٰ، اہلیت اور منظور شدہ حدود کے تابع ہوتا ہے۔ یہ صاف گوئی خود اس ادارے کی سنجیدگی کی علامت ہے، کیونکہ جھوٹی امیدیں دلانے کے بجائے حقیقت بتانا ہی اعتماد کی بنیاد بنتا ہے۔ بینکوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اسے اپنے صارفین تک پہنچانے میں دلچسپی لیں، اور میڈیا کا فرض

عالمی تجارت میں پاکستانی ایکسپورٹرز کا تحفظ

نازیہ مصطفےٰ

پاکستان کی معیشت کو درپیش بڑے چیلنجز میں برآمدات کا محدود حجم، عالمی منڈیوں میں مسابقت کی کمی اور کاروباری شعبے کو درپیش مالیاتی مشکلات نمایاں ہیں۔ ایک ایسے وقت میں جب ملک کو زرمبادلہ کے حصول، تجارتی خسارے میں کمی اور معاشی استحکام کیلئے برآمدات بڑھانے کی ضرورت ہے تو ایسے میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کو عالمی تجارت کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنا ناگزیر ہو چکا ہے۔ اس تناظر میں ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کی جانب سے مشترکہ طور پر ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس رسک شیئرنگ پول کا قیام ایک قابل توجہ پیش رفت ہے جو بین الاقوامی تجارت میں پاکستانی ایکسپورٹرز کو خریدار کی جانب سے ادائیگی نہ ہونے کے خطرے جیسے ایک بنیادی مسئلے سے تحفظ فراہم کرنے کی کوشش قرار دی جا سکتی ہے۔

عالمی تجارت محض مصنوعات تیار کرنے اور انہیں بیرون ملک فروخت کرنے کا نام نہیں ہوتا بلکہ اس میں مالیاتی خطرات، خریداروں کی ساکھ، ادائیگی کے طریقہ کار اور مختلف ممالک کے تجارتی و سیاسی حالات بھی بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ ایک بڑا کاروباری ادارہ کسی بین الاقوامی خریدار کی جانب سے ادائیگی میں تاخیر یا عدم ادائیگی کے نقصان کو کسی حد تک برداشت کر سکتا ہے لیکن ایک چھوٹے کاروباری ادارے کیلئے یہی نقصان اس کے پورے کاروبار کو بحران سے دوچار کرنے کیلئے کافی ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے بہت سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے ایکسپورٹرز عالمی منڈیوں میں اپنی موجودگی بڑھانے کے باوجود بڑے آرڈرز قبول کرنے یا نئے خریداروں کے ساتھ کاروباری تعلقات قائم کرنے میں محتاط رہتے ہیں۔

اس مسئلے کی ایک اہم وجہ یہ ہے کہ بین الاقوامی تجارت میں اکثر خریداروں کو سامان کی فراہمی کے بعد ادائیگی کی جاتی ہے جسے اوپن اکاو؟نٹ ٹریڈ کہا جاتا ہے۔ عالمی منڈیوں میں اس طرز کی تجارت کی اہمیت بڑھ رہی ہے اور بہت سے خریدار اپنے سپلائرز سے اسی بنیاد پر کاروبار کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن پاکستانی چھوٹے ایکسپورٹرز کیلئے کسی غیر ملکی خریدار کو ادھار پر سامان فراہم کرنا ایک بڑا خطرہ بن سکتا ہے۔ اگر خریدار دیوالیہ ہو جائے، ادائیگی سے انکار کر دے یا کسی سیاسی و حکومتی رکاوٹ کے باعث رقم منتقل نہ کر سکے تو نقصان براہ راست ایکسپورٹر کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ محدود سرمائے کے ساتھ کام کرنے والے اداروں کیلئے ایسی صورتحال نہ صرف کاروباری توسیع بلکہ روزمرہ آپریشنز کو بھی متاثر کر سکتی ہے۔

ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس کا بنیادی تصور اسی خطرے کو کم کرنا ہے۔ اس سہولت کے ذریعے ایکسپورٹر کو مخصوص تجارتی اور سیاسی خطرات کے خلاف مالیاتی تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ یعنی اگر بین الاقوامی خریدار کسی ایسے قابل قبول خطرے کے باعث ادائیگی کرنے میں ناکام ہو جائے جس کا احاطہ انشورنس پالیسی میں موجود ہو تو ایکسپورٹر پالیسی کی شرائط کے مطابق معاوضے کا مستحق ہو سکتا ہے۔ اس طرح کاروباری ادارے کو یہ اطمینان حاصل ہوتا ہے کہ بین الاقوامی تجارت میں اسے ہر ممکنہ نقصان اکیلے برداشت نہیں کرنا پڑے گا۔

پاک ایگزم اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کا مشترکہ منصوبہ اسی تصور کو پاکستان میں عملی شکل دینے کی کوشش ہے۔ اس نظام کے تحت دونوں ادارے ایک رسک شیئرنگ پول قائم کریں گے جس میں سرمایہ فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس کی سہولت کو فروغ دیا جائے گا۔ اس منصوبے میں پاک ایگزم کا کردار مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ ادارہ پول کا انتظامی سربراہ ہونے کے ساتھ انڈر رائٹر اور انشورنس پالیسی جاری کرنے والے ادارے کے طور پر بھی کام کرے گا جبکہ ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ اس مشترکہ نظام میں سرمایہ فراہم کرے گا۔

اس منصوبے کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ اس میں کمرشل بینکوں اور ترقیاتی مالیاتی اداروں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ یہ ادارے اپنے ایس ایم ای ایکسپورٹرز کو انشورنس کی سہولت فراہم کرنے کیلئے متبادل ڈیلیوری چینل کے طور پر کام کریں گے۔ اس طریقہ کار کی اہمیت یہ ہے کہ ایکسپورٹرز کو انشورنس تک رسائی کیلئے ایک نیا ادارہ جاتی راستہ میسر آئے گا اور وہ اپنے پہلے سے موجود بینکاری تعلقات کو بھی اس مقصد کیلئے استعمال کر سکیں گے۔ اس طرح بینکنگ شعبہ محض قرض یا مالیاتی سہولت فراہم کرنے تک محدود نہیں رہے گا بلکہ برآمدی تجارت سے وابستہ خطرات کو کم کرنے کے عمل میں بھی شریک ہوگا۔ اس سکیم کے تحت ایک شارٹ ٹرم اور دوسری طویل المدتی پالیسی بنے گی جبکہ دونوں کا بنیادی مقصد بین الاقوامی خریداروں کی جانب سے ادائیگی نہ ہونے کے خطرات کو کم کرنا اور چھوٹے ایکسپورٹرز کو مالیاتی تحفظ فراہم کرنا ہے۔

یہاں یہ سمجھنا بھی ضروری ہے کہ ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس محض خریدار کی عدم ادائیگی کے خلاف تحفظ نہیں بلکہ عالمی تجارت میں کاروباری اعتماد پیدا کرنے کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ جب ایک چھوٹا کاروباری ادارہ جانتا ہو کہ مخصوص حالات میں اس کے مالی نقصان کا ایک حصہ انشورنس کے ذریعے پورا ہو سکتا ہے تو اس کیلئے نئے خریداروں کے ساتھ معاملات کرنا نسبتاً آسان ہو جاتا ہے۔ وہ روایتی منڈیوں اور محدود کاروباری تعلقات سے آگے بڑھنے کا سوچ سکتا ہے۔

مذاکرات ختم، اب کیا ہوگا؟

میاں حبیب

وفاقی حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان جب مذاکرات شروع ہوئے تو دو بنیادی نکات تھے وفاقی حکومت چاہتی تھی کہ تحریک انصاف لانگ مارچ ختم کر دے اسلام آباد پر چڑھائی نہ کی جائے جبکہ تحریک انصاف فیس سیونگ کے لیے چاہ رہی تھی کہ عمران خان سے ملاقاتیں شیڈول ہو جائیں اور ان کو علاج کی سہولتیں فراہم کی جائیں یہ دونوں مطالبات کوئی اتنے گھمبیر نہ تھے کہ ان پر اتفاق رائے نہ ہو پاتا مذاکرات کے آغاز میں دونوں فریقین کی جانب سے جو رویے ظاہر کیے جا رہے تھے ان سے یہی خیال کیا جا رہا تھا کہ دونوں فریق سنجیدگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں لہٰذا ان مذاکرات کے راستے میں کوئی بڑی رکاوٹ نہیں معاملات افہام و تفہیم کے ساتھ طے ہو جائیں گے پوری قوم بھی یہی امید لگائے بیٹھی تھی کہ اللہ کرے افراتفری ختم ہو اور معاملات بہتری کی طرف چل پڑیں کیونکہ سیاسی چالبازیوں نے عوام کا کچومر نکال دیا ہے ملک پچھلے چار سال سے غیر یقینی اور سیاسی عدم استحکام کا شکار ہے جس کی وجہ سے معاشی معاملات بھی تباہ ہو گئے ہیں مہنگائی ساتویں آسمان کو چھو رہی ہے بے روزگاری عام ہو چکی ہے توانائی کے بحران نے رہتی سہتی کسر بھی نکال دی ہے صورتحال یہ ہے کہ عام آدمی کے لیے زندگی کی سانسیں بحال رکھنا مشکل ہو رہا ہے اس وجہ سے اس بار عام آدمی بھی دعا گو تھا کہ اللہ کرے سیاستدانوں کے معاملات افہام و تفہیم کے ساتھ طے پا جائیں تاکہ حالات بہتر ہوں اور انھیں بھی سکھ کا سانس آ سکے لیکن بظاہر طے پاتے مذاکرات اچانک پیچیدہ سے پیچیدہ ہوتے چلے گئے مذاکرات کی میز پر مطالبات بڑھتے گئے عقل پر انائیں اور ضدیں غالب آ گئیں اور تمام فریقین نے بہتری کا موقع گنوا دیا مذاکرات کا بنیادی اصول یہ ہوتا ہے کہ پہلے قابل قبول ماحول بنایا جاتا ہے پھر ان شقوں پر غور کیا جاتا ہے جن پر اختلافات کم ہوں ان پر اتفاق رائے کے بعد آگے بڑھا جاتا ہے اور سب سے آخر میں سب سے متنازعہ امور سامنے رکھے جاتے ہیں اگر معاملات کو افہام و تفہیم سے نمٹانے کی نیت ہو تو پھر کم از کم ایجنڈا پر اتفاق رائے کر کے متنازعہ امور کا حل ڈھونڈا جاتا ہے حکومت کو چاہیے تھا کہ وہ عمران خان سے ملاقاتوں کی اجازت دے کر سب سے پہلے لانگ مارچ ملتوی کرواتی جب لانگ مارچ ملتوی ہو جاتا کنٹینر ہٹ جاتے تحریک انصاف کے ورکرز گھروں کو چلے جاتے ان کا احتجاج کا مومینٹم ختم ہو جاتا پھر متنازعہ امور پر بات چیت کو آگے بڑھایا جاتا تحریک انصاف کی جانب سے 27 ستمبر کو لانگ مارچ موخر کر کے 4 اکتوبر تک لانے کا مقصد ہی یہ تھا کہ وہ مذاکرات کو وقت دینا چاہتے تھے اور وہ کوئی مضبوط بہانہ ڈھونڈ کر لانگ مارچ ملتوی بھی کرنے کو تیار تھے وہ صرف فیس سیونگ چاہ رہے تھے جو انھیں نہیں دی گئی اب وہ سیاسی طور پر لانگ مارچ کے لیے مجبور ہیں اب وہ احتجاج بھی خیبر پختونخوا میں ہی کرنا چاہتے ہیں لیکن اب وفاقی حکومت انھیں خیبر پختونخوا میں بھی احتجاج نہیں کرنے دینا چاہ رہی یوں لگتا ہے کہ مذاکرات بھی ایک اتمام حجت تھا جو کرنا ہے اس کے فیصلے ہو چکے ہیں تحریک انصاف کو ریلیف دینے کا تاثر دے کر پہلے احتجاج کی طرف لایا گیا پھر مذاکرات کے ذریعے ان کی بے بسی واضح کی گئی اور اب ان کے خلاف کوئی فیصلہ کن اقدام اٹھانے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں لیکن اصل سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اب کیا ہوگا کیا وفاقی حکومت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگا کر تحریک انصاف کو ختم کر پائے گی کیا تحریک انصاف ایمرجنسی کے بعد ختم ہو جائے گی کیا خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے بعد دہشت گردی کا خاتمہ ہو جائے گا کیا ایمرجنسی کے بعد تحریک انصاف کو پنجاب کی طرح خاموش کروا دیا جائے گا یہ ایسے سوالات ہیں جن کا کسی کے پاس بھی واضح جواب نہیں کیونکہ خیبر پختونخوا میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی حیثیت وہ نہیں ہے جو پنجاب یا سندھ میں ہے خیبر پختونخوا کی اصل سیاسی قوتیں تحریک انصاف، جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن اور اے این پی ہیں مولانا فضل الرحمٰن اور اے این پی بھی ایمرجنسی کے خلاف ہیں اگر ایمرجنسی لگا کر تحریک انصاف کو دبانا مقصود ہے تو پھر مولانا فضل الرحمٰن اور اے این پی کو خیبر پختونخوا میں کردار دینا پڑے گا خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے کسی سیاسی جماعت پر قدغن لگا کر شاید وہ نتائج حاصل نہ کیے جا سکیں جو وہاں کی تمام سیاسی جماعتوں اور قبائلی عمائدین سرداروں کو اعتماد میں لے کر متفقہ لائحہ عمل سے حاصل کیے جا سکتے ہیں بہرحال موجودہ صورتحال سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ معاملات مزید خرابی کی طرف بڑھ رہے ہیں لیکن کچھ لوگ بضد ہیں کہ ہم سب ٹھیک کر لیں گے مگر ایسا نہ ہو کہ جب تک سب ٹھیک ہو اس وقت تک عام آدمی جیتے جی مر چکا ہو۔

☆☆☆☆
☆☆

فشریز اینڈ ایکواکلچر بل 2026 ماہی گیر اور سمندر

تحریر۔عبدالوہاب

بلوچستان کی تقریباً 750 کلومیٹر طویل ساحلی پٹی صوبے کی قدرتی دولت کا ایک اہم حصہ ہے، جہاں گوادر، پسنی، اورماڑہ، جیوانی اور دیگر ساحلی علاقوں کے ہزاروں خاندان براہِ راست یا بالواسطہ ماہی گیری سے وابستہ ہیں۔ ساحلی آبادی کے لیے سمندر صرف آمدن کا ذریعہ نہیں بلکہ ان کی معاشی، سماجی اور ثقافتی زندگی کا بنیادی ستون بھی ہے۔ تاہم غیر قانونی ٹرالرنگ، ممنوعہ جالوں کا استعمال، سمندری حیات میں کمی، افزائشِ نسل کے ادوار میں غیر مؤثر انتظام، کشتیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد، تحقیق اور مستند ڈیٹا کی کمی اور مالی امداد کی تقسیم جیسے مسائل نے ماہی گیری کے شعبے کو متعدد چیلنجز سے دوچار کر رکھا ہے ان مسائل کے مستقل حل اور فشریز کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے بلوچستان میں قانونی اور ادارہ جاتی اصلاحات کا عمل جاری ہے۔ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی بلوچستان فشریز اینڈ ایکواکلچر بل 2026 ہے، جس کی تیاری کے دوران ماہی گیروں، ماہرین، متعلقہ سرکاری اداروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جا رہی ہے بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے فشریز کے زیرِ اہتمام مجوزہ بلوچستان فشریز اینڈ ایکواکلچر بل 2026 اور محکمہ فشریز میں اصلاحات کے حوالے سے ایک مشاورتی اجلاس گوادر میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت قائمہ کمیٹی کے چیئرمین و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کی اجلاس میں قائمہ کمیٹی کے اراکین، صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی، اراکینِ صوبائی اسمبلی عبدالمجید بادینی اور ظفر آغا، صوبائی سیکرٹری فشریز طارق قمر، ایڈیشنل سیکرٹری قانون، سیکرٹری بلوچستان اسمبلی، چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ، ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان، ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق اللہ خان، ڈائریکٹر فشریز احمد ندیم سمیت محکمہ فشریز کے حکام، ماہی گیروں، سیاسی و سماجی شخصیات، ماہرین اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی یہ اجلاس اس لحاظ سے بھی اہم تھا کہ صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے فشریز کا اجلاس پہلی مرتبہ کوئٹہ سے باہر گوادر میں منعقد ہوا، جس سے ساحلی علاقوں کے مقامی اسٹیک ہولڈرز کو قانون سازی کے عمل میں براہِ راست اپنی آراء، مسائل اور تجاویز پیش کرنے کا موقع ملا اجلاس میں فشریز کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، ماہی گیروں کے حقوق کے تحفظ، سمندری حیات کے تحفظ، ایکواکلچر کے فروغ اور مؤثر قانونی و انتظامی نظام کے قیام کے لیے مجوزہ قانون کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی غور کیا گیا شرکاء کو بتایا گیا کہ مجوزہ بل کی تیاری کے سلسلے میں گزشتہ دو سے ڈھائی سال کے دوران مختلف سطحوں پر ماہرین، ماہی گیروں اور متعلقہ اداروں کے ساتھ متعدد مشاورتی اجلاس منعقد کیے گئے، جن کی تجاویز اور آراء کی روشنی میں بل کا مسودہ تیار کیا گیا ہے۔ گوادر کے مشاورتی اجلاس میں ماہی گیروں کی جانب سے سب سے اہم مسئلہ غیر قانونی ٹرالرنگ، وائر نیٹ اور دیگر ممنوعہ جالوں کے استعمال کا اٹھایا گیا۔ ماہی گیروں نے ان طریقوں کو سمندری حیات، افزائش گاہوں اور ساحلی ماحول کے لیے سنگین خطرہ قرار دیتے ہوئے ان کے مؤثر تدارک پر زور دیا غیر قانونی اور غیر ذمہ دارانہ طریقوں سے ماہی گیری نہ صرف بڑی اور چھوٹی مچھلیوں کے ذخائر کو متاثر کرتی ہے بلکہ افزائش کے مراحل میں موجود مچھلیوں کے شکار کا باعث بھی بنتی ہے۔ اس کا براہِ راست اثر ان روایتی ماہی گیروں پر پڑتا ہے جو محدود وسائل کے ساتھ ساحلی پانیوں میں اپنی روزی کماتے ہیں اس لیے مستقبل کے فشریز نظام میں نگرانی، کشتیوں کی رجسٹریشن، جدید ٹیکنالوجی، مؤثر نفاذِ قانون اور مقامی ماہی گیروں کی شمولیت کو بنیادی اہمیت دینا ضروری ہے اجلاس میں مچھلیوں کی افزائشِ نسل کے اوقات کو مدنظر رکھتے ہوئے فش سیزن کلوزر پالیسی مرتب کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ ماہی گیروں اور ماہرین کی جانب سے یہ تجویز سامنے آئی کہ ماہی گیری پر پابندی محض ایک مقررہ مدت تک محدود رکھنے کے بجائے مختلف اقسام کی مچھلیوں کے افزائشی ادوار اور سائنسی شواہد کی بنیاد پر مرتب کی جائے مختلف اقسام کی مچھلیوں کے افزائشی موسم مختلف ہو سکتے ہیں، اس لیے ایک ہی نوعیت کی طویل پابندی چھوٹے ماہی گیروں کے معاشی مسائل میں اضافہ کر سکتی ہے۔ اس کے برعکس سائنسی بنیادوں پر مرحلہ وار یا روٹیشن کی پالیسی اختیار کی جائے تو سمندری وسائل کے تحفظ اور ماہی گیروں کے روزگار کے درمیان بہتر توازن قائم کیا جا سکتا ہے۔ ماہی گیری کے شعبے کی پائیدار ترقی کے لیے تحقیق اور مستند اعداد و شمار بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ سمندری حیات، مچھلیوں کے ذخائر، افزائشِ نسل، نقل و حرکت، شکار کی مقدار اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے مسلسل مطالعے کے بغیر مستقبل کی فشریز پالیسی مؤثر انداز میں تشکیل دینا مشکل ہے اسی تناظر میں مشاورتی اجلاس میں محکمہ فشریز کے ریسرچ ونگ کو فعال بنانے اور مستند ڈیٹا جمع کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ایک فعال تحقیقی نظام کے ذریعے یہ معلوم کیا جا سکتا ہے کہ کون سی مچھلی کس موسم میں افزائش کرتی ہے، سمندری ذخائر کی موجودہ صورتحال کیا ہے اور مختلف علاقوں میں ماہی گیری کی کتنی گنجائش موجود ہے میرین بائیولوجسٹس، فشریز ماہرین، ڈیٹا ماہرین اور دیگر متعلقہ شعبوں کے ماہرین کو تحقیقی نظام کا حصہ بنا کر مستقبل کی قانون سازی اور پالیسی کو شواہد پر مبنی بنایا جا سکتا ہے ماہیگیری سے وابستہ ماہرین نے کشتیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد اور اس کے نتیجے میں سمندری وسائل پر پڑنے والے ممکنہ دباؤ کی جانب بھی توجہ دلائی ہے۔ اس لیے کشتیوں کی رجسٹریشن، لائسنسنگ اور نگرانی کا شفاف نظام ناگزیر ہے مستقبل کی پالیسی میں کشتیوں کی تعداد، ماہی گیری کی صلاحیت، سمندری ذخائر اور مقامی ماہی گیروں کے روزگار کو باہم مربوط کر کے ایسا نظام تشکیل دینے کی ضرورت ہے جو سمندری وسائل کے پائیدار استعمال کو یقینی بنا سکے مجوزہ بل کے ساتھ محکمہ فشریز کے انتظامی ڈھانچے میں اصلاحات بھی مشاورتی اجلاس کا اہم موضوع رہیں۔ اجلاس میں مختلف اداروں کے متعلقہ ملازمین کو محکمہ فشریز میں ضم کرنے اور شعبے کی مؤثر نگرانی و ترقی کے لیے ڈائریکٹوریٹ آف ہاربر اینڈ کوسٹل ڈویلپمنٹ، ڈائریکٹوریٹ آف میرین اور ڈائریکٹوریٹ آف ان لینڈ کے قیام کی تجاویز پر تفصیلی غور کیا گیا۔ یہ اصلاحات اس وسیع تر حکمتِ عملی کا حصہ ہیں جس کے ذریعے فشریز کے شعبے کو محض روایتی انتظامی ڈھانچے سے نکال کر ایک منظم، جدید اور تخصصی نظام میں تبدیل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اسی طرح فشریز کونسل کے کردار کو مؤثر بنانے اور مختلف متعلقہ اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری کی تجاویز بھی سامنے آئیں، تاکہ پالیسی سازی اور عملدرآمد کے درمیان موجود خلا کو کم کیا جا سکے ماہی گیروں نے فشریز فنڈز اور امدادی چیکس کی تقسیم میں شفافیت کو بھی اہم مسئلہ قرار دیا۔ بالخصوص سمندری حادثات میں کشتیوں یا روزگار سے محروم ہونے والے ماہی گیروں کو بروقت اور میرٹ پر مالی معاونت کی فراہمی ضروری ہے اس مقصد کے لیے مستحق ماہی گیروں کا شفاف ریکارڈ، کشتیوں اور ماہی گیروں کی باقاعدہ رجسٹریشن، ڈیجیٹل ڈیٹا اور واضح معیار کے تحت امداد کی تقسیم ایک مؤثر طریقہ ثابت ہو سکتا ہے۔ مالی وسائل کی تقسیم میں شفافیت نہ صرف مستحق افراد تک امداد پہنچانے میں مدد دے گی بلکہ ماہی گیروں کے اعتماد کو بھی مضبوط کرے گی بلوچستان میں فشریز کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے قانونی اصلاحات کے ساتھ ایکواکلچر کے فروغ پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ ایکواکلچر کے ذریعے سمندری اور آبی وسائل پر دباؤ کم کرنے، متبادل روزگار پیدا کرنے اور مچھلی کی پیداوار میں اضافے کے امکانات پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی، تحقیق، ڈیٹا بیس، بہتر نگرانی، ماہی گیروں کی تربیت اور ویلیو ایڈیشن جیسے شعبوں کو فروغ دینا ساحلی معیشت کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے گوادر میں منعقدہ اجلاس کی ایک نمایاں خصوصیت یہ رہی کہ قانون سازی سے متعلق گفتگو کو براہِ راست ان لوگوں تک لایا گیا جو روزانہ سمندر سے وابستہ رہتے ہیں۔ مقامی ماہی گیر سمندر کے بدلتے حالات، مچھلیوں کی نقل و حرکت، افزائش کے موسم، ممنوعہ طریقوں اور عملی مشکلات کے بارے میں اہم زمینی تجربہ رکھتے ہیں قائمہ کمیٹی کے چیئرمین مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے بھی اس امر پر زور دیا کہ مجوزہ قانون کو حتمی شکل دینے سے قبل مقامی ماہی گیروں اور تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی آراء کو خصوصی اہمیت دی جائے، تاکہ ایسا قانونی فریم ورک تشکیل دیا جا سکے جو ماہی گیروں کے مفادات، سمندری وسائل کے تحفظ اور فشریز کے شعبے کی پائیدار ترقی کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو اجلاس میں سیکرٹری فشریز نے شرکاء کو مجوزہ قانون اور اصلاحات کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی، جس کے بعد تقریباً تین گھنٹے تک سوال و جواب اور سیر حاصل مشاورت کا سلسلہ جاری رہا شرکاء کی جانب سے پیش کی گئی تجاویز، تحفظات اور سفارشات کو ریکارڈ کا حصہ بنایا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ فشریز کے شعبے میں پائیدار ترقی، ماہی گیروں کے حقوق کے تحفظ، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور سمندری و آبی وسائل کے مؤثر انتظام کے لیے جامع اور قابلِ عمل قانون سازی وقت کی اہم ضرورت ہے واضح کیا گیا کہ مشاورتی عمل مکمل ہونے کے بعد موصول ہونے والی تجاویز کو مجوزہ بل میں شامل کرنے اور تمام قانونی و آئینی مراحل مکمل کرنے کے بعد مسودہ منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا بلوچستان کی ساحلی پٹی کے مسائل کا حل صرف قانون سازی تک محدود نہیں۔ مؤثر قانون کے ساتھ اس پر بلا امتیاز عملدرآمد، سائنسی تحقیق، جدید نگرانی، شفاف رجسٹریشن، ادارہ جاتی اصلاحات، مقامی ماہی گیروں کی شمولیت اور مستقل بنیادوں پر پالیسی کا جائزہ بھی ضروری ہے غیر قانونی ٹرالرنگ کا مؤثر سدباب، ممنوعہ جالوں کے استعمال کی روک تھام، مچھلیوں کے افزائشی موسم کے سائنسی تعین، کشتیوں کی مؤثر رجسٹریشن، فعال ریسرچ ونگ، مؤثر فشریز کونسل، ایکواکلچر کا فروغ اور فشریز فنڈز کی شفاف تقسیم ایسے اقدامات ہیں جو بلوچستان کے ساحلی وسائل کو محفوظ بنانے میں بنیادی کردار ادا کر سکتے ہیں بلوچستان فشریز اینڈ ایکواکلچر بل 2026 اس اعتبار سے ایک اہم موقع فراہم کرتا ہے کہ قانون سازی کو ساحلی علاقوں کی زمینی حقیقت، ماہی گیروں کے تجربات اور سائنسی تحقیق کے ساتھ جوڑا جائے۔ اگر مشاورتی عمل کی سفارشات کو مؤثر انداز میں قانون اور پالیسی کا حصہ بنایا گیا تو فشریز کا شعبہ زیادہ منظم، شفاف اور پائیدار بنیادوں پر استوار ہو سکتا ہے آخر کار مقصد صرف زیادہ مچھلی پکڑنا نہیں بلکہ ایسا متوازن فشریز نظام قائم کرنا ہے جس میں ماہی گیر کا روزگار بھی محفوظ رہے، سمندری حیات بھی محفوظ ہو، ساحلی ماحول بھی برقرار رہے اور بلوچستان کی ساحلی معیشت آنے والی نسلوں کے لیے بھی مضبوط بنیادوں پر قائم رہے۔

☆☆☆☆

بقیہ 1

سہولیات، معیاری تعلیم اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنا ہے۔ کیڈٹ کالجز کی تمام انتظامی، تدریسی اور بنیادی ضروریات کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جائیگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان کے کیڈٹ کالجز کے بورڈ آف گورنرز کا 19ویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ کیڈٹ کالجز کے بورڈ آف گورنرز کے اجلاس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی (آن لائن)، وزیراعلیٰ کی مشیر ربابہ بلیدی، رکن صوبائی اسمبلی دستگیر بادینی، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ہاشم خان غلزئی، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، ایڈیشنل سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی رحمت چنگیزی، تمام کیڈٹ کالجز کے پرنسپل صاحبان، فنانس اور پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کے نمائندے سمیت آفتاب بزدار بھی موجود تھے۔ مذکورہ اجلاس میں بلوچستان کے بارہ کیڈٹ کالجز سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ کیڈٹ کالجز کی کارکردگی، درپیش مشکلات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم کیڈٹ کالجز کے اساتذہ اور اسٹاف کو ملک کے بہترین کیڈٹ کالجز کے معیار کے مطابق بہترین سہولیات فراہم کرینگے تاکہ وہ پوری دلجمعی اور یکسوئی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ ملک کے ممتاز کیڈٹ کالجز کی طرز پر جدید اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کیے جائینگے جن میں جمز اور کھیلوں کیلئے معیاری گراؤنڈز شامل ہوں گے۔ اس کے علاوہ کانووکیشن ہالز تعمیر کیے جائیں گے جبکہ طلبہ اور اسٹاف کیلئے موثر ٹرانسپورٹ اور فول پروف سیکورٹی کے انتظامات بھی یقینی بنائے جائیں گے۔ گورنر مندوخیل نے متعلقہ ڈپٹی کمشنر کو بھی ہدایت کی وہ کیڈٹ کالج کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ ایک کیڈٹ کالج کو جس مقصد کے تحت بنایا جاتا ہے اسی ٹارگٹ کو پورا کرنے کیلئے ہمیں تمام دستیاب وسائل کو متحرک کیے جا رہے ہیں تاکہ کیڈٹ کالج کا اپنا امتیاز برقرار رہے۔ گورنر مندوخیل نے اپنے بنیادی ڈھانچے کی توسیع میں اور خاص طور پر کیڈٹس کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر مزید کلاس رومز، ہاسٹل کا قیام، اسپورٹس کمپلیکس، سیکورٹی کے انتظامات اور میڈیکل سہولیات فراہم کرنے میں بھی معاونت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ ہم آج کے بورڈ آف گورنرز کی پیشرفت کو مزید آگے بڑھائیں گے تاکہ تمام کیڈٹ کالجز کی دیرپا ترقی مستقل بنیادوں پر آگے بھی جاری و ساری رہیں۔

بقیہ 2

کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا بریفنگ میں بتایا گیا کہ پروجیکٹ کے تحت کوئیک رسپانس فورس کے نئے اسٹیشنز بھی قائم کیے جائیں گے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر ردعمل کو یقینی بنایا جاسکے۔ جدید ٹیکنالوجی اور مربوط کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کے ذریعے سیکیورٹی اداروں کی استعداد کار میں اضافہ کیا جائے گا۔ اجلاس کو بلوچستان پولیس میں جاری اصلاحات اور محکمانہ خود احتسابی کے عمل سے بھی آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ غیر حاضری اور فرائض میں غفلت کے مرتکب 871 پولیس اہلکاروں کو برطرف کیا جاچکا ہے، جبکہ مختلف شخصیات کے ساتھ تعینات 1,005 پولیس اہلکاروں کی خدمات واپس محکمہ پولیس کے حوالے کردی گئی ہیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس کا کردار انتہائی اہم ہے، پولیس اہلکار فرنٹ لائن پر ملک اور صوبے کے امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پولیس کو دہشت گردی کے موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جدید تربیت، ضروری آلات اور تمام مطلوبہ وسائل فراہم کیے جائیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پولیس کو دہشت گردی کے خلاف میدان میں اتارا ہے تو مکمل سر پرستی بھی کریں گے۔ صوبائی حکومت اپنی بہادر پولیس اور سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور پولیس کی استعداد کار میں اضافے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ 3

آزادی اور بنیادی حقوق ملیں گے۔ وہ منگل کو یہاں کشمیر چوک انڈر پاس کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، وزیر مملکت طلال چوہدری بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ موجودہ حکومت ملک کی ترقی اور معاشی استحکام کے لیے دن رات کوشاں ہے، ہم نے اڑھائی سال کی محنت سے ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا، ملکی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نین کہا کہ ایک طرف ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری ہے اور دوسری طرف بدقسمتی سے ایک بار پھر لانگ مارچ، دھرنے اور احتجاج کی بھیانک سیاست نمودار ہو رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم نے باہمی مشاورت سے طے کیا کہ پی ٹی آئی کی قیادت کے ساتھ بامعنی، بامقصد اور خلوص پر مبنی بات چیت کریں تاکہ لانگ مارچ، دھرنے اور احتجاج کی سیاست کا خاتمہ کریں اور مل بیٹھ کر مسائل کا حل تلاش کریں، حکومت اور پیپلز پارٹی کی مشترکہ کمیٹی نے دو دن تک سپیکر چیمبر میں ان سے بات چیت کی، امید تھی کہ بات چیت کے مثبت نتائج نکلیں گے اور دھرنوں کی سیاست ڈائیلاگ سے ختم ہوگی،

بقیہ 4

آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے عمرہ ادائیگی کے لیے بیرون ملک روانگی کے موقع پر ایئرپورٹ پر روکے جانے کا معاملہ ایوان میں اٹھاتے ہوئے اسے اپنا استحقاق مجروح کرنے کے مترادف قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں ایئرپورٹ پر عمرہ ادائیگی کے لیے روانگی کے دوران روکا گیا اور ایف آئی اے حکام نے انہیں دہشت گرد قرار دے کر سفر سے روک دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی اے حکام نے بتایا کہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات نے ان کا پاسپورٹ بلاک کر کے نام پی سی ایل اور ای سی ایل میں شامل کیا ہے انہوں نے کہا اس معاملے پر وضاحت کے لیے حمزہ شفقات سے رابطہ کرنے کی کوشش کی تاہم انہوں نے فون نہیں اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ آئینی اور جمہوری حقوق کی بات کی ہے، بتایا جائے ان کا قصور کیا ہے۔ واشک میں دہشت گردوں کا سامنا کرتے ہیں لیکن کوئٹہ میں انہیں دہشت گرد قرار دیا جاتا ہے۔ زابد ریکی نے مطالبہ کیا کہ بتایا جائے ان کا کس کالعدم تنظیم سے تعلق ہے اور اگر ان کے خلاف کوئی ثبوت موجود ہیں تو وہ ایوان کے سامنے پیش کیے جائیں۔ رکن اسمبلی نے مطالبہ کیا کہ ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ حمزہ شفقات کو ایوان میں طلب کر کے الزامات کے شواہد پیش کرنے کا کہا جائے۔

بقیہ 5

لیبر آرگنائزیشن کے ساتھ اپنی مثبت شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، پاکستان کی ہنر مند افرادی قوت کی بین الاقوامی سرٹیفکیشن اور پیشہ ورانہ تربیت کے سلسلے میں عالمی لیبر مارکیٹ کے معیارات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کی جانب سے مزید سہولت معاون ثابت ہوگی۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے اپنے وفد کے ہمراہ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے ڈائریکٹر جنرل انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کا پرتپاک خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان اور آئی ایل او کے درمیان مضبوط تعاون کو سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے ساتھ اپنی مثبت شراکت داری بالخصوص ہنر مند افرادی قوت اور نوجوانوں کے لیے پیداواری روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ وزیراعظم نے بالخصوص اس امر کی ضرورت پر زور دیا کہ پاکستان کی ہنر مند افرادی قوت کی بین الاقوامی سرٹیفکیشن اور پیشہ ورانہ تربیت کے سلسلے میں عالمی لیبر مارکیٹ کے معیارات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کی جانب سے مزید سہولت معاون ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی معاہدوں کے تقاضوں کے مطابق حکومت قومی افرادی قوت کی فلاح و بہبود، تحفظ اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے موثر اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ 6

دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پولینڈ کے ساتھ باہمی احترام پر مبنی اپنے دوستانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کی حیثیت سے علاقائی اور عالمی امن و استحکام کے لیے تنازعات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کے لیے مخلصانہ کوششیں جاری رکھے گا۔ انہوں نے یہ بات پولینڈ کے وزیر، کونسل آف منسٹرز کے رکن اور خصوصی خدمات کے کوآرڈینیٹر توماش سیمونیک سے ایوان صدر میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ منگل کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران صدر مملکت نے امید ظاہر کی کہ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان موجود دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرتے ہوئے اسے دونوں ممالک اور ان کے عوام کے باہمی مفاد کے لیے ایک کثیر الجہتی شراکت داری میں تبدیل کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ صدر مملکت نے حالیہ امریکہ۔ ایران بحران کے دوران پاکستان کی سفارتی کوششوں کو تسلیم کرنے پر پولینڈ کی تعریف کی اور کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کی حیثیت سے علاقائی اور عالمی امن و استحکام کے لیے تنازعات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کے لیے مخلصانہ کوششیں جاری رکھے گا۔ انہوں نے 1991 کے بعد پولینڈ کی شاندار معاشی ترقی کو سراہا جس کے نتیجے میں پولینڈ کی معیشت ایک ٹریلین ڈالر کی سطح تک پہنچی۔

بقیہ 7

ونگ سے جاری بیان کے مطابق ان میں وفاقی سروس ٹریبونل کے چیئرمین اور رکن کی تقرری کی سمری، پاکستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اینڈ ایسٹس مینجمنٹ اتھارٹی بل 2026 اور سول سرونٹس (ترمیمی) بل 2026 شامل ہیں۔

بقیہ 8

ملاقات میں، خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کے لانگ مارچ سے پیدا صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اپوزیشن سے مذاکرات کرنے والی کمیٹی کے ارکان نے اس موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کو بریفنگ دی۔ ذرائع نے بتایا کہ صدر اور وزیر اعظم کی یہ ملاقات اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو نشان امتیاز عطا کرنے کی تقریب کے بعد ہوئی۔ صدر اور وزیر اعظم نے ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی و سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں نے اتفاق کیا کہ کسی بھی آئینی و قانونی اقدام سے قبل مشاورت کا عمل جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 9

۔ اس سلسلے میں اعزاز دینے کی خصوصی تقریب منگل کی شام ایوان صدر میں منعقد ہوئی جس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی کابینہ کے ارکان، ارکان پارلیمنٹ اور سفارتی کور کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے اس موقع پر اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے اعلیٰ قومی اعزاز ملنے پر گہرے تشکر کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ اعلیٰ اعزاز حاصل کر کے میں بے حد متاثر اور دل کی گہرائیوں سے مسرور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں یہ اعزاز اقوام متحدہ کے ان تمام خواتین و حضرات کی جانب سے قبول کرتا ہوں جو دنیا بھر میں بشمول اس عظیم ملک پاکستان میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

بقیہ 10

حکومت کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے تحریک انصاف سے بھی یہ نہیں کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات نہیں کرائی جائے گی، حکومت نے پی ٹی آئی کو کہا تھا کہ وہ اپنی ذمہ داری پر کھڑی ہو، حکومت اور پاکستان کا ساتھ دے، جبکہ عمران خان سے ملاقات، علاج معالجے اور ذاتی ڈاکٹر سے متعلق معاملات حل کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی گئی تھی۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور نے کہا کہ مذاکرات آگے نہ بڑھنے کی ایک وجہ یہ تھی کہ تحریک انصاف نے دہشت گردی کے خلاف حکومت کی بنائی گئی پالیسی سے اتفاق نہیں کیا اور اس پر عملدرآمد کی مخالفت کی۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ وزیراعظم کی مذاکرات کی پیشکش اب بھی موجود ہے، تحریک انصاف لانگ مارچ ختم کرے تو بات چیت ہو سکتی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ تحریک انصاف لانگ مارچ ایک ماہ بھی جاری رکھے تو خود تھک جائے گی، جبکہ موجودہ تعداد اسلام آباد آنے کی پوزیشن میں نہیں، اگر تحریک انصاف استعفے دینا چاہتی ہے تو یہ پہلے کر چکی ہے، دو اسمبلیاں توڑنے کا تجربہ بھی کر چکی ہے اور دوبارہ ایسا کر کے دیکھ سکتی ہے۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مولانا فضل الرحمان حکومت اور افواج پاکستان کے ساتھ ہیں اور حکومت کے ان سے رابطے بھی موجود ہیں۔

بقیہ 11

پیٹرول کی نئی قیمت 394 روپے 83 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیزل کی قیمت میں ایک روپے 91 پیسے فی لیٹر کمی کی گئی ہے جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 395 روپے 85 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتیں (آج) 7 اکتوبر کیلئے ہیں۔

بقیہ 12

وزارت خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے وزارتِ خارجہ میں پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا جو نائب وزیراعظم کی دعوت پر پاکستان کے تین روزہ دورے پر ہیں۔

بقیہ 13

توسیعی ورژن جدید ایوانکس اور شاندار نیوی گیشنل معاونت سے لیس ہے۔ یہ ویپن سسٹم وسیع رینج پر اہداف کو انتہائی درستی کے ساتھ نشانہ لگانے کی صلاحیت کا حامل ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق تجربے کا مشاہدہ پاک فوج کے سینئر افسران کے ساتھ اسے تیار کرنے والے ادارے کے سائنسدانوں اور انجینئرز نے بھی کیا۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور سروسز چیفس نے کامیاب تجربے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت نے سائنسدانوں، انجینئرز اور دیگر حکام کی تکنیکی صلاحیت، لگن اور عزم کو سراہا۔

بقیہ 14

دو بھائی محمد حسن اور محمد ہاشم جاں بحق ہو گئے۔ دونوں افراد کی لاشیں کوئلہ کان سے نکال لی گئیں۔ جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔

بقیہ 15

میں موجودہ سیاسی و علاقائی صورتحال، سیاسی سرگرمیوں اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے عوامی مسائل کے حل، سیاسی رابطوں کے فروغ اور باہمی تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا اس موقع پر صوبے میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر بھی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 16

اور سید باشا کے نام سے ہوئی ہے اور واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق بنوں میں پولیس سے فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشت گرد ہلاک ہو گئے ہیں، یہ واقعہ فیروز فتح خیل میں تھانہ منڈان کی حدود میں پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں دو دہشت گرد ہلاک ہو گئے، جن کی شناخت شیر ایاز خان اور عدنان کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ لاشوں کو پوسٹ مارٹم اور قانونی کارروائی کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ دریں اثنا ڈیرہ اسماعیل خان سے چند روز قبل مبینہ طور پر اغوا ہونے والے ڈاکٹر مبشر بحفاظت گھر پہنچ گئے ہیں۔ اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ پولیو ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹر مبشر کو ڈیرہ اسماعیل خان کے نواحی علاقہ گرہ محبت سے نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر اغوا کیا تھا، تاہم وہ بحفاظت گھر پہنچ گئے ہیں۔ مزید برآں ڈیرہ اسماعیل خان میں موبائل فون سروس بحال ہونا شروع ہو گئی ہے، تین روز قبل پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے باعث ڈیرہ اسماعیل خان میں موبائل فون سروس مکمل طور پر بند کر دی گئی تھی، جو تین روز بعد بحال ہونا شروع ہو گئی اور مختلف علاقوں میں سروس مکمل طور پر بحال کردی گئی ہے۔

بقیہ 17

سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں ریلوے ٹریک کا 6 فٹ حصہ تباہ ہو گیا جس سے ٹرینوں کی آمد و رفت معطل ہو گئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور مزید کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 18

پی ٹی آئی اسلام آباد آنا چاہتی ہے تو اصولی طور پر اسے اجازت ہونی چاہیے جبکہ اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ مولانا صاحب نے کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کو مسترد کر دیا ہے۔ منگل کو اپوزیشن کے وفد کی سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات ہوئی، اپوزیشن کے وفد میں علامہ راجا ناصر عباس، اسد قیصر، اخونزادہ حسین یوسف زئی سمیت دیگر رہنما شریک ہوئے، جے یو آئی کی جانب سے سینیٹر کامران مرتضیٰ سمیت دیگر قائدین بھی شریک تھے۔ ملاقات کے اپوزیشن رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں سے مختصر ملاقات ہوئی، ملک کی سیاسی صورتحال عدم توازن کا شکار ہے جبکہ حکومت کا حزب اختلاف کے ساتھ رویہ بھی ہمارے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات سیاسی لب و لہجے میں ہونے چاہئیں اور پس پردہ قوتوں کی مداخلت کے بغیر بات چیت آگے بڑھنی چاہیے۔

بقیہ 19

اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی طویل مدتی معاشی خودمختاری کا انحصار کم قدر والی اجناس کی برآمدات سے اعلیٰ قدر اور منفرد مصنوعات کی برآمدگی جانب منتقلی پر ہے جس کیلئے مضبوط قومی اور تجارتی برانڈنگ ناگزیر ہے۔ وہ منگل کو اسلام آباد میں وزارت منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کے فلیگ شپ اقدام نیشنل سینٹر فار برانڈ ڈویلپمنٹ (این سی بی ڈی) کے زیر اہتمام نیشنل برانڈنگ، پاکستان کی بڑھتی ہوئی سافٹ پاور اور برانڈ کی بنیاد پر برآمدات کے موضوع پر اعلیٰ سطحی سٹیک ہولڈرز راؤنڈ ٹیبل کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے پاکستان اور خطے کی دیگر معیشتوں کے درمیان برآمدی فرق کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی برآمدات 1990 سے تقریباً 40 ارب ڈالر کے گرد رہی ہیں جبکہ ویتنام کی برآمدات بڑھ کر تقریباً 475 ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہیں۔

بقیہ 20

کے مقابلے میں روپیہ مضبوط رہا۔ حکومت کی جانب سے نجکاری کے عمل کو تیز رفتار بنانے، زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں مزید اضافے جیسے عوامل کے باعث انٹربینک مارکیٹ میں کاروبار کے تمام دورانیے میں ڈالر تنزلی سے دوچار رہا، جس سے ایک موقع پر ڈالر کی قدر 11 پیسے کی کمی سے 276 روپے 85 پیسے کی سطح پر بھی آگئی تھی تاہم سپلائی بڑھتے ہی صنعتی خام مال کی درآمدی لیٹر آف کریڈٹس کے لیے زرمبادلہ کی طلب میں اضافے سے کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر مزید 01 پیسے کی کمی 277 روپے 05 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔ اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر 05 پیسے کی کمی سے 278 روپے 88 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ 21

مطابق بھی حاجی شہر پولیس تھانے کی حدود قومی شاہراہ مجی چندڑ روڈ تا محمد پور ریسانچوکی کے مقام پر سبی سے بھاگ ناڑی کیش لے جانے والے این جی او کے عملے حافظ وقار اور حقدار سمیت دیگر عملے کو نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے اسلحے کے زور پر یرغمال بنا کر ان سے چار لاکھ بیس ہزار روپے نقدی سات عدد قیمتی موبائل فون و دیگر سامان چھینکر فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کر دی

بقیہ 22

محمود اچکزئی نے کہا کہ بہنوں کی رہائی سے حکومت مثبت پیش رفت کا آغاز کر سکتی ہے، اگر بانی سے ملاقات نہیں ہوتی تو وزیراعظم سے ملاقات بے معنی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن لیڈر نے مزید کہا کہ بانی سے ملاقات نہ ہوئی تو وزیراعظم سے ملاقات سے انکار کا سوچا جاسکتا ہے۔

بقیہ 23

بڑا حصہ ہے ہم ژوب کے غیور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یہ واضح کرتے ہیں کہ گزشتہ انتخابات میں ژوب کے عوام کی پشتونخوا نیپ کی بھرپور تائید و حمایت کرنے پر احسان مند ہے اور اس احسان کی ادائیگی کو قومی فرض سمجھ کر یہاں کے غیور عوام کو درپیش تمام مشکلات کو حل کرنے کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرینگے جبکہ ژوب کے ضلع کی سطح پر عوامی نیشنل پارٹی کا بھی ہمارے ساتھ انتخابی اتحاد تھا ہم انکی قیادت اور کارکنوں کے شکرگزار ہیں وہ مندوخیل شرقی علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام کلی تلی سلیازہ اور گردہ بابڑ میں عوامی اجتماعات سے خطاب کر رہے تھے جس سے پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا، صوبائی نائب صدر عبدالقیوم ایڈووکیٹ، ضلعی سینئر ڈپٹی سیکرٹری نعمت اللہ مندوخیل، ڈاکٹر افراسیاب مندوخیل، سردار محمد انور بابڑ، اکبر خان، اعظم خان نے بھی خطاب کیا جبکہ گردہ بابڑ میں سیف الرحمن نے پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ اور عزیز اللہ خان نے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا کو پشتنی دستار پہنائے۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتون قوم کو زندگی کے ہر شعبے میں اذیت ناک صورتحال کا سامنا ہے اُن کی بہت بڑی اکثریت مسافرانہ زندگی پر مجبور ہے اور آئی ڈی پیز کی شکل میں در بدر ہے اُنکے وطن پر مصنوعی جعلی دہشتگردی، لاقانونیت، بدامنی ایک شعوری منصوبہ بندی کے تحت مسلط کر دی گئی ہے

بقیہ 24

نامعلوم دہشت گردوں دن دیہاڑے آٹو میٹک گنوں سے فائرنگ کر کے دو مختلف واقعات میں 5 سرکاری اہلکاروں کو شہید کر دیا اور ملزمان فرار ہو گئے جبکہ صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی اور مقامی سہولت کاروں کی طرف سے جاری دہشت گردی کے خلاف پاکستانی عوام اور سکیورٹی ادارے فولادی دیوار کی طرح کھڑے ہیں، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گرد عناصر کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی۔ ڈی پی او کے مطابق ایف بی آر کے چار اہلکاروں اور ایک ٹریفک پولیس اہلکار کو دوران ڈیوٹی نشانہ بنایا گیا، ایک پولیس اہلکار شدید زخمی ہوا۔ ڈیرہ کے نواح میں واقع ابھا پل کے قریب مسلح افراد نے ایف بی آر اہلکاروں کو دوران ڈیوٹی نشانہ بنایا، فائرنگ کے نتیجے میں ایف بی آر کے 4 اہلکار شہید ہو گئے۔ ڈی پی او کے مطابق شہید ہونے والے اہلکاروں میں 2 ایف بی آر کے مستقل ملازم اور 2 کنٹریکٹ ملازم تھے۔ دوسرے واقعے میں بنوں روڈ پر مفتی محمود چوک کے قریب نامعلوم افراد نے ٹریفک پولیس کی موبائل پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک اہلکار محمد حبیب شہید اور ایک زخمی ہو گیا۔

بقیہ 25

یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی کوئٹہ شاہراہ کے لیے فنڈز کی فراہمی کے علاوہ بلوچستان بھر میں قومی شاہراہوں کے دیگر جاری منصوبوں کو ان کی ضروریات کے مقابلے میں انتہائی معمولی رقوم دی جا رہی ہیں۔ متعدد منصوبوں کو پورے سال میں تکمیل کے لیے درکار باقی رقم کا دس فیصد بھی نہیں ملتا۔ جہاں کسی منصوبے کی تکمیل کے لیے دس ارب روپے درکار ہوں، وہاں صرف ایک ارب روپے فراہم کیے جاتے ہیں، جبکہ پانچ ارب روپے کی ضرورت والے منصوبے کو محض ستر کروڑ روپے دیے جاتے ہیں۔ اس رفتار سے فنڈز فراہم کر کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کی توقع کیسے کی جاسکتی ہے؟ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ گزشتہ آٹھ سے دس برس سے متعدد منصوبے مسلسل تاخیر اور سست روی کا شکار ہیں، لیکن وفاقی حکومت اور وزارتِ منصوبہ بندی کی جانب سے اس سنگین مسئلے کے حل کے لیے مطلوبہ توجہ اور عملی پیش رفت دکھائی نہیں دے رہی۔

بقیہ 26

بڑی اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 3825 کلوگرام منشیات کی بھاری مقدار برآمد کر لی گئی۔ ابتدائی معلومات کے مطابق مذکورہ مقام پر موجود کمپاؤنڈ کو مبینہ طور پر منشیات کی سپلائی کی غرض سے عارضی طور پر منشیات ذخیرہ کرنے کیلئے استعمال کیا جا رہا تھا۔ کارروائی کے دوران برآمد ہونے والی منشیات میں 2454 کلوگرام چرس، 1363 کلوگرام میتھ ایمفیٹامائن (آئس) اور 8 کلوگرام ہیروئن شامل ہے، جس کی مجموعی مالیت 56 کروڑ روپے سے زائد بنتی ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق منشیات افغانستان سے پاکستان اسمگل کی گئی تھی جو محفوظ اشارہ ملنے پر سمندری راستے سے بیرون ملک اسمگل کی جانی تھیں۔

بقیہ 27

کانگریس کے 3 نومبر کو ہونے والے وسط مدتی انتخابات میں بذریعہ ڈاک ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ امریکی صدر کا بذریعہ ڈاک ووٹنگ کے موقف ان کے سابقہ موقف میں تبدیلی اور یوٹرن ہے کیونکہ وہ کئی برسوں سے میل ان ووٹنگ کو بڑے پیمانے پر انتخابی دھاندلی سے جوڑتے رہے ہیں۔ امریکی صدر نے گزشتہ سہ پہر نیبراسکا میں انتخابی ریلی کے لیے روانہ ہونے سے قبل وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کے حامی 3 نومبر کو ہونے والے امریکی کانگریس کے وسط مدتی انتخابات میں بذریعہ ڈاک ووٹ دے سکتے ہیں، اگرچہ انہوں نے ذاتی طور پر پولنگ سٹیشن جا کر ووٹ ڈالنے کو ترجیح دینے کا بھی کہا۔ امریکی صدر نے کہا کہ لوگ اپنی مرضی کے مطابق میل کے ذریعے یا ذاتی طور پر ووٹ ڈال سکتے ہیں کیونکہ بہت سے لوگ ڈاک کے ذریعے ووٹ کا حق استعمال کرنا چاہتے ہیں جبکہ بہت سے دوسرے ذاتی طور پر ووٹ ڈالنا پسند کرتے ہیں۔ یہ بیان اس انتخابی وڈیو کے بعد سامنے آیا جو انہوں صدر ٹرمپ نے ہفتے کے اختتام پر پوسٹ کی تھی، جس میں انہوں نے ریپبلکن ووٹرز پر زور دیا تھا کہ وہ جلد ووٹ ڈالیں، بذریعہ ڈاک ووٹ ڈالیں یا 3 نومبر کو انتخابات کے دن پولنگ سٹیشن جا کر ووٹ ڈالیں۔ یہ فوری طور پر واضح نہیں ہوسکا کہ ٹرمپ نے اپنا مؤقف کیوں تبدیل کیا۔ وہ متعدد مرتبہ یہ غلط دعویٰ کر چکے ہیں کہ 2020 کے صدارتی انتخابات میں ان کی شکست انتخابی دھاندلی کا نتیجہ تھی، جس میں میل اِن بیلٹس بھی شامل تھے۔

بقیہ 28

تھے۔ رپورٹ کے مطابق ڈاکٹر فرقاد عالمگیر، ڈاکٹر عارف خان، ڈاکٹر اختر علی بندیشہ اور ڈاکٹر علی عارف میڈیکل ٹیم کا حصہ تھے۔ رپورٹ کے مطابق میڈیکل بورڈ نے بانی پی ٹی آئی کا اینزائٹی لیول تھری پلس قرار دیا تھا، میڈیکل بورڈ نے بلڈ پریشر اور اینزائٹی لیول کنٹرول کرنے کے لیے روزانہ ایک گھنٹہ واک کی سفارش کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو فیملی سے ملاقات، اخبار، ٹی وی اور کتابیں فراہم کرنے کی بھی سفارش کی گئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق میڈیکل بورڈ نے بانی کی اہلیہ سے ملاقاتوں میں اضافے کی سفارش بھی کی تھی، ڈاکٹر فرقاد عالمگیر کا نام بانی پی ٹی آئی کے علاج کے لیے حالیہ مذاکراتی عمل میں بھی سامنے آیا۔ رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنے کے لیے میڈیکل بورڈ وفاقی حکومت نے تشکیل دیا تھا۔

بقیہ 29

وزیر کو بی ٹیوٹا کی موجودہ کارکردگی، صوبہ بھر میں جاری فنی و پیشہ ورانہ تربیتی پروگرامز اور مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ دورانِ گفتگو ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر (TTC) خاران کو مکمل طور پر فعال بنانے اور مقامی ضروریات کے مطابق نئے ٹریڈز شامل کرنے پر مکمل اتفاق کیا گیا۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی واضح ہدایت ہے کہ صوبے کے نوجوانوں کو جدید اور معیاری فنی تعلیم سے آراستہ کر کے ان کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ خاران کے نوجوانوں میں خود روزگاری کے فروغ کے لیے انٹرپرینیورشپ اور "قرض حسنہ اسکیم" بھی متعارف کرائی جائے گی تاکہ وہ اپنی تربیت کے بعد باوقار روزگار شروع کر سکیں۔ اس موقع پر ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر زرکون نے صوبائی وزیر کو اتھارٹی کے نئے منصوبوں کے بارے میں بتایا اور یقین دہانی کرائی کہ مستقبل قریب میں مارکیٹ کی طلب کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید جدید ٹریڈز اور ضروری فنی تربیت فراہم کی جائے گی تاکہ نوجوانوں کو ملکی اور بین الاقوامی سطح پر روزگار کے بہتر مواقع میسر آسکیں۔

بقیہ 30

انکم ٹیکس رولز 2002 میں مزید ترامیم کا مسودہ جاری کر دیا ہے، جس کے تحت مقررہ تاریخ کے بعد ریٹرن جمع کرانے والوں کے لیے ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شمولیت کا نیا طریقہ تجویز کیا گیا۔ ایف بی آر کے مطابق انکم ٹیکس رولز 2002 میں مزید ترامیم کا مسودہ عوامی آرا و تجاویز کے لیے جاری کر دیا ہے اور مجوزہ ترامیم پر اعتراضات اور تجاویز طلب کرلی ہیں، جو نوٹیفکیشن کی سرکاری گزٹ میں اشاعت کے سات روز کے اندر ایف بی آر کو بھجوائی جاسکیں گی۔ مجوزہ رولز کے تحت غیر مقیم جہاز مالکان، چارٹررز اور مجاز شپنگ ایجنٹس کی جانب سے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 143 کے تحت ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کے طریقہ کار کو الیکٹرانک بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔ مجوزہ ترامیم کے مطابق دفعہ 143 کے تحت مطلوب ریٹرن ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ سسٹم آئی رس میں دستیاب مخصوص الیکٹرانک ریٹرن کے ذریعے جمع کرایا جائے گا۔ ریٹرن میں ایف بی آر کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ تفصیلات، اعلانات، بیانات، تصدیقات اور دیگر سسٹم سہولیات شامل ہوں گی جبکہ ریٹرن کے ساتھ مطلوبہ دستاویزات، سرٹیفکیٹس، بیانات اور الیکٹرانک ریکارڈ بھی فراہم کرنا ہوں گے۔

بقیہ 31

کارروائی کر کے بلاک کر دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ڈائریکٹر پی ٹی اے کوئٹہ زون نے کمیشن کے استفسار پر بتایا کہ واقعہ سے متعلق جعلی، من گھڑت اور نفرت انگیز سوشل میڈیا پیجز کی مسلسل نگرانی اور اس طرح کے پیجز کو فوری بلاک کرنے سے متعلق مجاز اتھارٹی Web Division Analysis، پی ٹی اے اسلام آباد ہے۔ جس پر تحقیقاتی کمیشن نے ڈائریکٹر WAD، پی ٹی اے اسلام آباد کو ہدایت جاری کی کہ وہ آئندہ ساعت پر ویڈیو لنک کے ذریعے کمیشن کے سامنے پیش ہو کر اس معاملے پر اقدامات سے متعلق کمیشن کو تفصیلی بریفنگ دیں۔ تحقیقاتی کمیشن نے مزید کارروائی اگلی ساعت تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 32

روزگار، ہنرمندی، سماجی تحفظ اور محفوظ لیبر مائیگریشن کے شعبوں میں عملی اور نتیجہ خیز شراکت داری مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان آئی ایل او کو ایک سٹریٹجک شراکت دار سمجھتا ہے۔ انہوں نے یہ بات انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو سے گفتگو کرتے ہوئے کہی جنہوں نے ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی۔ منگل کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان آئی ایل او کے سہ فریقی نظام اور سماجی مکالمے کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے ڈیسنٹ ورک کنٹری پروگرام 2023-27 کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے روزگار، سماجی تحفظ، محنت کے معیارات اور کام کی جگہ پر تحفظ سمیت اس کے موثر نفاذ کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔ صدر مملکت نے بھرتی، ہنرمندی کی تصدیق، ایمپلائر میچنگ، مائیگریشن کے اخراجات، معاہدوں، بیرون ملک تحفظ اور دوبارہ معاشرے میں انضمام سمیت تمام پہلوؤں کا احاطہ کرنے والے جامع پاکستان فیئر اینڈ سیف لیبر مائیگریشن فریم ورک کی تیاری میں معاونت کی درخواست کی

بقیہ 33

حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی بلوچستان کے سلگتے قومی مسائل کو قومی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے احتجاجی دھرنوں اور عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن 8 نومبر کو کوئٹہ میں ایک بڑے عوامی جلسے سے خطاب کریں گے، جس میں بلوچستان کے عوام کے مسائل، بدامنی، شاہراہوں کی بندش، روزگار، وسائل کے تحفظ اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل پیش کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی بلوچستان کے ذمہ داران کے ماہانہ جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر و پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی، صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء زاہد اختر بلوچ، مولانا عبدالکبیر شاکر، پروفیسر ڈاکٹر شکیل روشن، ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، بشیر احمد ماندائی، پروفیسر مولانا محمد ایوب منصور صوبائی سیکرٹری اطلاعات عبدالولی خان شاکر، سوشل میڈیا انچارج روح اللہ سالار سمیت دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی و مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران نے اپنی کارکردگی رپورٹس پیش کیں جبکہ سابقہ فیصلوں پر عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں 8 نومبر کو امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کے دورہ کوئٹہ اور عوامی جلسے کی تیاریوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا اور جلسے کو بھرپور اور کامیاب بنانے کے لیے مختلف ذمہ داریاں تفویض کی گئیں

بقیہ 34

کے ساتھ پیٹرولیم ڈویژن کے مذاکرات آج بھی جاری رہیں گے جس دوران گیس سیکٹر کے گردشی قرض پر بریفنگ دی جائے گی۔

بقیہ 35

آئیں اور سرمایہ کار بلوچستان کو ایک قابل اعتماد کاروباری مقام سمجھیں۔ اپنے دفتر میں کاروباری شخصیات سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سب سے بڑی طاقت اس کے غیر معمولی معاشی امکانات ہیں۔ معدنیات سے لے کر ساحلی معیشت، زراعت، لائیو اسٹاک، ماہی گیری، سیاحت اور ٹیکنالوجی تک ہر شعبے میں نئے کاروباری ماڈلز کی گنجائش موجود ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان امکانات کو فائلوں اور رپورٹس سے نکال کر قابل عمل منصوبوں میں تبدیل کیا جائے۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ سرمایہ کاری بورڈ کی ترجیح صرف سرمایہ کاری لانا نہیں بلکہ سرمایہ کاری کو کامیاب بنانا ہے۔ اس مقصد کے لیے سرمایہ کاروں کو درست معلومات، بروقت رہنمائی اور اداروں تک آسان رسائی فراہم کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 36

گورکیج نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق، جمہوریت اور پسماندہ طبقات کی ترقی کے لیے جدوجہد کی ہے۔ بلوچستان میں ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدگی سے اقدامات کر رہی ہے، جبکہ صوبے کے تمام علاقوں کو یکساں ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی پالیسی اختیار کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی تعاون سے بلوچستان کو ترقی، خوشحالی اور پائیدار امن کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 37

صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین عوام کے لیے ہے، عوام اس سے مستفید ہوں اور اسے نقصان پہنچانے کی کوشش نہ کریں، ٹرین کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف مقدمات درج کر کے قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شرپسند عناصر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی مقبولیت سے خائف ہیں، اسی لیے گھٹیا حرکتوں پر اتر آئے ہیں، عوامی منصوبوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے گرد قانون کا شکنجہ مزید سخت کیا جائے گا۔ معاون برائے داخلہ نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین عوامی سہولت اور بلوچستان کے عوام کے لیے ایک مثبت قدم ہے، اس میں رکاوٹ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ شرپسند عناصر سن لیں، عوامی املاک کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا قانون کے مطابق جواب دیا جائے گا، بلوچستان میں امن، ترقی اور عوامی سہولت کے منصوبوں کو سبوتاژ کرنے والوں کے لیے کوئی رعایت نہیں ہوگی۔

بقیہ 38

باہمی رابطہ کاری اور ادارہ جاتی تعاون کے مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے تجارت میں سہولت، ادارہ جاتی رابطہ کاری کو مضبوط بنانے اور گوادر کی وسیع تر اقتصادی صلاحیت کو بروئے کار لانے پر زور دیا۔ عہدیداروں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دونوں ادارے مل کر تجارت دوست ماحول کی فراہمی، سرمایہ کاری کے فروغ اور گوادر کو اقتصادی گیٹ وے کے طور پر مزید مستحکم بنانے کے لیے مؤثر تعاون جاری رکھیں گے۔

بقیہ 39

لوڈر رکشے واٹر، باغبانی اور میونسپل ونگ سمیت متعلقہ شعبوں کے حوالے کر دیے۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد ڈی ڈی واٹر میر جان بلوچ، ڈائریکٹر فنانس عبدالشکور، اسسٹنٹ ڈائریکٹر میونسپل سروسز یحییٰ واڈیلہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن ظریف احمد اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل نے نئے رکشوں کا معائنہ کیا، جبکہ پروجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر میونسپل ونگ یحییٰ واڈیلہ نے ان کی ٹیسٹ ڈرائیو بھی کی۔ نئے لوڈر رکشے پانی کی فراہمی کے نظام کی دیکھ بھال و مرمت، پائپ اور دیگر ضروری سامان کی ترسیل، شہری کی صفائی، کچرے اور ملبے کی منتقلی، سیوریج و ڈرینج لائنوں کی صفائی اور دیگر میونسپل امور میں استعمال ہوں گے۔ اسی طرح شعبہ باغبانی میں یہ گاڑیاں پارکس، گراؤنڈز، گرین بیلٹس اور شاہراہوں پر شجرکاری، پودوں کی دیکھ بھال، پانی دینے اور باغبانی کے سامان کی ترسیل کے لیے معاون ثابت ہوں گی۔ جی ڈی اے کے ٹرانسپورٹ افسر حاجی شکیل احمد کے مطابق کم سائز اور بہتر نقل و حرکت کے باعث لوڈر رکشے شہر کی گلیوں اور مختلف فیلڈ مقامات تک رسائی کے لیے موزوں ہیں

بقیہ 40

اور منتقلی پر پابندی عائد کر دی گئی ہے لہٰذا ضلع گوادر کی حدود میں تمام متعلقہ افراد حکومتی احکامات کی مکمل پابندی یقینی بنائیں اور لکڑی یا کسی بھی قسم کی جنگلاتی پیداوار کی غیر مجاز نقل و حمل، ترسیل یا منتقلی سے مکمل اجتناب کریں۔ ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات نے واضح کیا کہ پابندی کے دوران کسی بھی شخص کو کسی پاس، پرمٹ یا اجازت نامے کی پیشکش کی بنیاد پر ضبط شدہ گاڑی یا لکڑی کی رہائی کا استحقاق حاصل نہیں ہوگا۔ کسی غیر معمولی صورتحال، عوامی مفاد یا سرکاری ضرورت کے تحت استثنیٰ صرف محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کی تحریری منظوری کے بعد قابل عمل ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومتی حکم نامے اور متعلقہ قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف بلوچستان فاریسٹ ایکٹ 2022، بلوچستان فاریسٹ رولز 2024، دفعہ 144 ضابطہ فوجداری 1898، دفعہ 188 تعزیراتِ پاکستان اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 41

کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹلائزیشن، صحت کے اعداد و شمار کے مؤثر استعمال، رپورٹنگ کے نظام میں بہتری اور ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کے حوالے سے صوبائی اقدامات کو اجاگر کیا اس موقع پر اوسلو یونیورسٹی، ناروے کی جانب سے بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات اور صحت کے نظام کو ڈیجیٹل خطوط پر استوار کرنے کے اقدامات کو سراہا گیا۔ بلوچستان کے ڈیجیٹل ہیلتھ تجربے کو صحت کے نظام میں ٹیکنالوجی کے عملی استعمال کی ایک مثال کے طور پر بھی پیش کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی فورم پر بلوچستان کی ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات کو ملنے والی پذیرائی پر اظہار مسرت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات کو عالمی سطح پر پذیرائی ملنا باعث اطمینان ہے۔ اوسلو یونیورسٹی سمیت بین الاقوامی شراکت داروں کی جانب سے بلوچستان کی اصلاحات کی پذیرائی حوصلہ افزا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے ڈیجیٹل ہیلتھ تجربے کو بین الاقوامی فورم پر پیش کیا جانا صوبے کی اصلاحاتی کاوشوں کا اعتراف ہے

بقیہ 42

میں کامیابی سے اختتام پذیر ہو گیا تربیتی ورکشاپ میں پسنی سے 31 اساتذہ نے شرکت کی، جہاں ماسٹر ٹرینرز نذیر باہوٹ اور حاکم حکیم نے شرکاء کو جدید تدریسی طریقہ کار، خواندگی، عددی مہارتوں اور مؤثر تعلیمی حکمت عملیوں کے حوالے سے عملی تربیت فراہم کی تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے جس میں گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول اور ماڑی محلہ پسنی کے ہیڈ ماسٹر سخیداد، لرننگ کوآرڈینیٹر موسیٰ امیت، مرکزی چیئرمین PWOD پرویز سفر اور سماجی کارکن میر سلمان کلمتی نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے اور طلبہ میں بنیادی تعلیمی مہارتوں کے فروغ کے لیے اس نوعیت کے تربیتی پروگراموں کی اہمیت پر زور دیا اور پروگرام کے کامیاب انعقاد پر منتظمین، ماسٹر ٹرینرز اور اساتذہ کی کاوشوں کو سراہا۔ تربیتی پروگرام کا مقصد اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ، جدید تدریسی طریقہ کار سے آگاہی اور طلبہ میں پڑھنے، لکھنے اور بنیادی حساب کتاب کی مہارتوں کو مؤثر انداز میں بہتر بنانا تھا۔

بقیہ 43

آفیسر بخشا خان رخشانی سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر متعلقہ افسران اور اساتذہ نے شرکت کی۔ 16 روزہ تربیتی پروگرام کو چار مختلف اہم حصوں میں تقسیم کیا گیا، جس میں 4 روزہ پیڈا گوجی، 4 روزہ میتھ، 4 روزہ انگلش اور 4 روزہ اردو کی تربیت شامل تھی۔ تربیتی پروگرام کا بنیادی مقصد اساتذہ کو جدید تدریسی طریقہ کار، مؤثر کلاس روم مینجمنٹ، طلبہ کی بہتر رہنمائی، بنیادی خواندگی و عددی مہارتوں کے فروغ اور مؤثر تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے عملی تربیت فراہم کرنا تھا۔ تربیتی سیشنز کے دوران اساتذہ کو جدید تدریسی حکمتِ عملیوں، بچوں کی تعلیمی ضروریات کو سمجھنے، کلاس روم میں مؤثر تدریس، بنیادی ریاضی، انگریزی اور اردو زبان کی تدریس کے جدید طریقوں سے آگاہ کیا گیا، جبکہ مختلف عملی سرگرمیوں اور مشقوں کے ذریعے اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے پر بھی خصوصی توجہ دی گئی۔ یہ 16 روزہ تربیتی پروگرام سی پی ڈی پائیٹ کے ڈسٹرکٹ مینیجر محمد یوسف داپو اور ثاقب علی عمرانی کی نگرانی میں منعقد ہوا، جبکہ تربیتی عمل میں ماسٹر ٹرینرز علی محمد، علاؤالدین، میر محمد اور محمد شریف نے اہم کردار ادا کرتے ہوئے اساتذہ کو مختلف شعبہ جات میں تربیت فراہم کی۔

بقیہ 44

اللہ کھوسہ، ریٹائرڈ ٹیچر مولا بخش لاشاری اور پرائیویٹ پبلک ہائی سکول الہدیٰ کے میل و فیمیل اساتذہ نے شرکت کی۔ سکول انتظامیہ اور طلباء کی جانب سے مہمانانِ گرامی کا شاندار استقبال کیا گیا۔ طلباء نے مہمانوں کو گلدستے پیش کیے جبکہ ان پر پھول نچھاور کیے گئے، اس موقع پر سکاؤٹس نے مہمانوں کو سلامی بھی پیش کی۔ تقریب کے دوران طلباء نے یوم تکریم اساتذہ کی مناسبت سے تقاریر پیش کیں، جبکہ مزاحیہ قوالی اور ثقافتی شو میں بلوچی، سندھی، پنجابی اور پشتو ثقافت کے خوبصورت رقص پیش کیے گئے، جنہیں شرکاء نے خوب سراہا۔ تقریب میں اسٹیج سیکرٹری کے فرائض عبدالصبور زہری نے انجام دیے، جبکہ نوید عالم اور خلیل احمد نے بطور ججز خدمات سرانجام دیں۔ ہیڈ ماسٹر نصر اللہ خارانی اور ہیڈ مسٹریس شاہدہ مکسی نے اپنے خطاب میں اساتذہ کے مقام، کردار اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں ان کی خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقابلوں میں تقریری مقابلے میں حامد علی شاہ نے پہلی پوزیشن حاصل کی، مضمون نویسی میں محمد یونس نے پہلی پوزیشن حاصل کی،

بقیہ 45

کے شیشے توڑنا ڈرائیوروں و ٹرانسپورٹروں کو زدوکوب کرنا ان پر بدترین تشدد کو غیر انسانی قرار دیتے ہوئے کہا کہ مسلح جتھوں نے ریاست کے اندر ریاست بنائی ہے ماورائے آئین و قانون اقدامات جیسے سنگین جرائم کے مرتکب ہو رہے ہیں باقاعدہ ریاستی سرپرستی میں عوامی راستوں میں مسلح جتھے بھی ملیشیاء کے اسلحہ بردار اپنی شناخت چھپا کر سرعام گاڑیاں روکتے ہیں ان سے مبینہ طور پر بھتہ طلب کیا جاتا ہے یہ سلسلہ اب مزید بند کی جائے چمن اور کوئٹہ کے درمیان میزئی اڈے پر ایک انتہائی افسوسناک سلسلہ جاری ہے۔ وہاں کچھ لوگ جو اپنے آپ کو بااثر بتاتے ہیں، مسلح ہو کر دن رات شاہراہ پر کھڑے ہو کر ہر آنے جانے والے ٹرک ڈرائیوروں کو زبردستی روکتے ہیں، ان سے بلاوجہ پیسے وصول کرتے ہیں اور انکار کرنے پر ان پر تشدد کرتے ہیں اور انہیں ذلیل کرتے ہیں۔ ایک غریب ٹرک ڈرائیور جو سخت گرمی اور سردی میں اپنا اور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کے لیے ہزاروں کلومیٹر کا سفر کرتا ہے، اس سے اس طرح راستے میں لوٹ مار کرنا انسانیت بھی نہیں اور پشتون روایات کے بھی خلاف ہے۔

بقیہ 46

درپیش مسائل و مشکلات سے نجات اور صحیح سمت کے تعین کے لیے علماء حق کی قیادت و رہنمائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک کے اسلامی تشخص کے تحفظ دینی اقدار کی پاسداری اور باطل قوتوں کے مذموم عزائم کی مزاحمت میں ہمیشہ علماء کرام نے قائدانہ اور تاریخی کردار ادا کیا ہے آج بھی قوم کی نظریں علماء حق کی جانب مرکوز ہیں۔ عوام علماء کرام کے دست و بازو بنیں اور دینی و ملی مقاصد کے حصول کے لیے ان کا بھرپور ساتھ دیں۔ دریں اثناء ضلعی ترجمان کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق جمعرات 8 اکتوبر کو صبح 9 بجے جامع مطلع العلوم بروری روڈ میں ضلعی مجلس عمومی کا اہم اجلاس منعقد ہوگا جس میں ضلعی مجلس عمومی کے اراکین شرکت کریں گے۔ اجلاس کے لیے تمام اراکین کو باقاعدہ دعوت نامے جاری کیے جا چکے ہیں۔ اعلامیہ کے مطابق 9 اکتوبر کو بعد از نمازِ جمعہ جناح روڈ سے عظیم الشان امن ریلی نکالی جائے گی جس سے جمعیت علماء اسلام کے قائدین خطاب کریں گے۔ ریلی کی بھرپور تیاری اور کامیابی کے لیے ضلع بھر کے تمام یونٹوں کو ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں، جبکہ کارکنان اور عوام سے بھرپور شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔

بقیہ 47

حقوق کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ یہ اعلان مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے سربراہ صادق خان اچکزئی نے بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ کی قیادت میں فورم کے وفد سے اپنے مرکزی دفتر میں ملاقات کے دوران کیا۔ وفد میں بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی عہدیداران احمر ندیم، نور احمد راہی، ذیشان بلوچ اور عامر بلوچ شامل تھے، جبکہ مظلوم عوامی تحریک کے صوبائی صدر اسلم اچکزئی اور سیکرٹری اطلاعات، معروف اینکر و صحافی وطن یار خلجی بھی ملاقات میں موجود تھے۔ اس موقع پر بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ نے صادق خان اچکزئی کو فورم کے دس نکاتی مطالبات اور بلوچستان کے صحافیوں کو درپیش مشکلات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں صحافیوں کو پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے دوران مختلف مشکلات، دباؤ اور عدم تحفظ کا سامنا ہے، جبکہ ضلعی اور علاقائی صحافیوں کے مسائل بھی فوری توجہ کے متقاضی ہیں۔ صادق خان اچکزئی نے بلوچستان میڈیا فورم کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے کے مسائل اور عوام کی آواز کو اجاگر کرنے میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں۔ صحافیوں کو تحفظ فراہم کرنا، آزادی اظہار اور آزادی؟ صحافت کو یقینی بنانا اور میڈیا سے وابستہ افراد کے جائز مطالبات تسلیم کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 48

مفتی محمود کی جدوجہد عصر حاضر کے فتنوں کے مقابلے میں رہنمائی کا سرچشمہ ہے، اسلامی نظریات، دینی اقدار اور قومی تشخص کے تحفظ کے لیے آج بھی ان کے افکار مشعلِ راہ ہیں، موجودہ سیاسی بے یقینی اور عوامی اضطراب کی بنیادی وجہ آٹھ فروری کے انتخابات میں عوامی مینڈیٹ پر شب خون اور جھرلو انتخابات ہیں، انتخابی نتائج کے ساتھ کھلواڑ نے جمہوری نظام پر عوام کے اعتماد کو مجروح کیا ہے، ملک کو مصنوعی سیاسی بندوبست نہیں بلکہ حقیقی عوامی مینڈیٹ، آئین کی بالادستی اور شفاف جمہوری عمل کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مفتی محمود نے اپنے دور کے فتنوں کا نہ صرف علمی اور فکری محاذ پر مقابلہ کیا بلکہ پارلیمان، میدانِ سیاست اور عملی جدوجہد کے ذریعے یہ ثابت کیا کہ دین اور سیاست ایک دوسرے سے جدا نہیں بلکہ اسلامی اقدار کے تحفظ اور معاشرے کی اصلاح کے لیے صالح سیاسی جدوجہد ناگزیر ہے۔ مفتی محمود نے آمریت کے خلاف مزاحمت کی، جمہوری اصولوں کے لیے آواز بلند کی، اسلامی قوانین اور دینی تشخص کے تحفظ کے لیے پارلیمان میں مؤثر کردار ادا کیا اور ختم نبوت کے عقیدے کے تحفظ کی تاریخی جدوجہد میں قائدانہ کردار ادا کیا۔

بقیہ 49

حافظ عبدالرحیم شاہ جیلانی دامت برکاتہم العالیہ، جانشین دربارِ عالیہ غوثیہ قادریہ، اوستہ محمد روڈ ڈیرہ اللہ یار تھے۔ حضرت علامہ حافظ عبدالرحیم شاہ جیلانی نے اپنے روحانی اور ایمان افروز خطاب میں عشقِ رسولؐ، اولیائے کرام کی تعلیمات، ذکر و فکر اور دینی اقدار کی اہمیت پر روشنی ڈالی، جس سے محفل میں موجود شرکاء کے دلوں کو روحانی سکون اور ایمان کی تازگی نصیب ہوئی۔ محفل میں سید سجاد احمد شاہ جیلانی دامت برکاتہم العالیہ، سید باقر علی شاہ جیلانی دامت برکاتہم العالیہ، سید عظیم علی شاہ دامت برکاتہم العالیہ اور سید امداد علی شاہ بخاری نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نظر علی کھوسہ، منظور احمد کھوسہ، اعجاز احمد کھوسہ، ڈاکٹر عباس علی لنڈ، ڈاکٹر شاہد حسن گولہ، ڈی ایس پی دل مراد ڈومکی، انسپکٹر محمد اقبال مہر، نذیر احمد مہر، ذاکر حسین گولہ، محمد قاسم کھوسہ سمیت دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔

بقیہ 50

بازار سے اسپرے خرید کر فصل کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن اس سے غریب اور چھوٹے زمینداروں کے اخراجات میں مزید اضافہ ہو گیا ہے اور وہ شدید معاشی دباؤ کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف کھاد، بیج، ڈیزل کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، دوسری طرف فصل کا کم معاوضہ اور مارکیٹ تک رسائی نہ ہونا پہلے ہی کسانوں کے لیے پریشانی کا باعث ہے، اب اس خطرناک کیڑے کے حملے نے کسانوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے میر حاجی نصیر احمد خان کھوسہ نے مزید کہا کہ ہر سال کی طرح اس سال بھی خدشہ ہے کہ شالی کی قیمت میں کمی کر دی جائے گی جس سے کسان کو پورے سال کی محنت کا پھل بھی نہیں ملے گا۔ اگر کیڑے کے تدارک کے لیے بروقت اور مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو چاول کی پیداوار میں نمایاں کمی آئے گی جس سے نہ صرف کسان کو بلکہ معیشت کو بھی ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر حکومتی اقدامات کیے جائیں متعلقہ محکمہ کی ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں بھیجی جائیں اور کسانوں کو کیڑے کے خاتمے کے لیے مفت اور معیاری اسپرے فراہم کیا جائے۔

بقیہ 51

بلدیاتی مسائل کا مستقل حل نہیں، جب تک صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور دیگر بنیادی خدمات انجام دینے والے ڈیلی ویجز ملازمین کو بروقت تنخواہیں نہیں ملیں گی، ان کے لیے اپنے گھریلو اخراجات پورے کرنا مشکل ہوگا، جس کے باعث وہ بھی ذہنی دباؤ کا شکار ہو سکتے ہیں اور فرائض کی انجام دہی متاثر ہونے کا خدشہ رہے گا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بلدیاتی نظام میں مشینری کے ساتھ افرادی قوت بھی بنیادی حیثیت رکھتی ہے، اس لیے حکومت کو چاہیے کہ ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی میں تاخیر کا مستقل حل نکالا جائے اور انہیں بروقت اجرت فراہم کی جائے۔ عوامی حلقوں نے صوبائی حکومت اور محکمہ بلدیات بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ مشینری کی فراہمی کے ساتھ ملازمین کی تنخواہوں، ضروری وسائل اور دیگر بنیادی سہولیات کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور دیگر بلدیاتی امور مؤثر انداز میں انجام پائیں اور شہریوں کو حقیقی معنوں میں ریلیف مل سکے۔

بقیہ 52

شاہراہ پر کوئٹہ سے اندرون سندھ جانے والی مسافر کوچ اور رکشے کے درمیان ٹکرانے سے کوچ کی چھت پر سوار ایک مسافر گر کر موقع پر ہی ہلاک جبکہ کوچ روڈ کنارے الٹ گئی جس سے دو خواتین سمیت سولہ افراد شدید زخمی ہو گئے واقعے کی اطلاع پر ایس ایچ او نوتال غلام علی کنڈرانی و پولیس نفری کے ہمراہ فوری امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا ابتدائی طبی امداد کے بعد زخمیوں کو جیکب آباد سکھر لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا پولیس کے مطابق زخمی افراد کا تعلق سندھ کے مختلف علاقوں سے بتایا جا رہا ہے

بقیہ 53

تربیت کرنا اور ذکر قلبی کی دعوت ہے۔ اس سلسلے میں مختلف پروگرامز کا انعقاد کیا گیا ہے جس میں حضرت شیخ المکرم لیکچر دیں گے۔ اس کے علاوہ انفرادی ملاقاتیں بھی ہوں گی۔ شیڈول کے مطابق کینیڈا کا پہلا پروگرام 9 اکتوبر جامع اسلامیہ کینیڈا میں، 10 اکتوبر مرکز دارالعرفان کینیڈا، 11 اکتوبر اوڈلی ریکریایشن سنٹر، 12 اکتوبر برامپٹن میں ہوگا ان پروگرامز کے بعد حضرت کینیڈا سے امریکہ کے لیے روانہ ہو جائیں گے۔ جہاں امریکہ کے مختلف شہروں میں پروگرامز ہیں جن میں حضرت کے لیکچر ہوں گے۔

بقیہ 54

کو مختلف سرکاری امور کی انجام دہی کے لیے بار بار اوستا محمد جانے کی زحمت سے نجات مل گئی۔ تحصیل آفس میں متعلقہ عملہ اپنی ذمہ داریاں انجام دے گا، جس سے عوام کو ان کی دہلیز پر سرکاری خدمات کی فراہمی، وقت اور اخراجات کی بچت ممکن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ تحصیل آفس گنداخہ کی بحالی ایک اہم عوامی اور انتظامی پیش رفت ہے، جس سے مقامی سطح پر سرکاری امور کی انجام دہی میں آسانی پیدا ہوگی اور شہریوں کو ریلیف ملے گا۔ عوامی حلقوں نے کہا کہ سردار محمد ہارون خان جمالی اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی جانب سے علاقے کے عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے کی جانے والی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سردار گھرانے کی عوامی خدمت اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کسی سے ڈھکے چھپے نہیں، انہوں نے ہمیشہ علاقے کے عوام کے مسائل کے حل، سرکاری اداروں کی فعالیت اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ عوام نے امید ظاہر کی کہ تحصیل آفس گنداخہ کی بحالی کے بعد شہریوں کو سرکاری امور میں مزید آسانی اور فوری ریلیف حاصل ہوگا۔

بقیہ 55

کینال سمیت آبپاشی کے نظام، زمینداروں کو درپیش مسائل، نہری پانی کی فراہمی اور محکمہ اریگیشن کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ملاقات کرنے والے افراد نے ایکسیئن میر فرید احمد پندرانی کی محکمانہ امور میں دلچسپی، مسائل سننے کے انداز اور زمینداروں سمیت متعلقہ افراد کے ساتھ بہتر روابط کو سراہا۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ میر فرید احمد پندرانی ایک تجربہ کار اور متحرک افسر کی حیثیت سے محکمہ اریگیشن کے معاملات کو بہتر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ افسران اور زمینداروں کے درمیان مؤثر رابطہ نہری نظام کی بہتری اور زرعی شعبے کے مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ملاقات کے دوران ایکسیئن میر فرید احمد پندرانی نے کہا کہ محکمہ اریگیشن سے متعلق جائز مسائل کے حل اور نہری نظام کی بہتری کے لیے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ زمینداروں کو آبپاشی کے حوالے سے درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام کے ساتھ رابطے میں رہ کر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ مختلف شخصیات نے ایکسیئن میر فرید احمد پندرانی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی محکمہ اریگیشن اور زمینداروں کے مسائل کے حل کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے رہیں گے۔

بقیہ 56

لیے خریدے گئے ریڈنگ و رائٹنگ میٹریل فرنیچر، تدریسی معاونت کے سامان اور دیگر ضروری تعلیمی اشیاء کی مقدار، معیار اور دستیابی کا جائزہ لینا تھا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ طلباء کی تعلیمی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے خریدا گیا سامان مقررہ معیار اور منظور شدہ ضروریات کے عین مطابق ہو اس موقع پر کلسٹر اسپیکشن کمیٹی کے اراکین نے اسکول میں موجود خریدے گئے سامان کا موقع پر باریک بینی سے معائنہ کیا اور سامان کی تعداد، معیار، حالت اور استعمال کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا کمیٹی نے کلسٹر سے متعلق دستیاب ریکارڈ، خریداری کی تفصیلات اور دیگر متعلقہ دستاویزات بھی چیک کیے تاکہ تمام معاملات میں شفافیت اور قواعد و ضوابط کی پابندی کو یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 57

کردار ادا کرتی ہے، اس لیے صحافیوں کو درپیش مسائل کا حل اور ان کے بنیادی و پیشہ ورانہ حقوق کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ یہ اعلان مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے سربراہ صادق خان اچکزئی نے بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ کی قیادت میں فورم کے وفد سے اپنے مرکزی دفتر میں ملاقات کے دوران کیا۔ وفد میں بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی عہدیداران احمر ندیم، نور احمد راہی، ذیشان بلوچ اور عامر بلوچ شامل تھے، جبکہ مظلوم عوامی تحریک کے صوبائی صدر اسلم اچکزئی اور سیکرٹری اطلاعات، معروف اینکر و صحافی وطن یار خلجی بھی ملاقات میں موجود تھے۔ اس موقع پر بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ نے صادق خان اچکزئی کو فورم کے دس نکاتی مطالبات اور بلوچستان کے صحافیوں کو درپیش مشکلات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 58

امداد حسین رند، بابل خان رند، سیٹھ سورج جبکہ اس موقع پر میر روشن خان رند فضل محمد رند، میر طارق علی رند، نواب خان رند، حمید کھوسہ، حاجی حبیب اللہ جتوئی، شیر زمان مگسی میر پرویز رند، احسان رند، ساجد رند، صحافی محمد سلیم رند صحافی محمد یونس عمرانی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔

بقیہ 59

کہ اس غیر منظم طریقہ کار سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے اختیار رکھنے والوں سے پرزور مطالبہ کیا کہ اگر واقع عوام کو ریلیف دینا ہے تو اسے باعزت اور منظم طریقے سے دی تاکہ لوگوں کو قطاروں میں ذلیل نہ ہونا پڑے

مختصر اشتہارات

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ بنام حمدان ولد ثناء اللہ شناختی کارڈ نمبر 3-0348038-51501 خضدار بازار میں کہیں گم ہو گیا ہے جس کسی کو ملے 03337700839 پر اطلاع دے

المشتہر: حمدان ولد ثناء اللہ

بقیہ 60

پرنسپلز و وائس پرنسپلز، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع چمن اور گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی ضلع چمن کے نمائندگان سمیت ضلع بھر سے اساتذہ کرام نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز ٹیچر عطاء الرحمن کے تلاوت کلام پاک سے ہوا اور تقریب سے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چمن مولانا قاری عبدالاحد، پرائیٹ کے ضلعی منتظم سید شفاعت اللہ آغا، گورنمنٹ ماڈل ہائر سیکنڈری سکول چمن کے سابق پرنسپل محمد انور، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع چمن کے سابق ضلعی سینئر نائب صدر حافظ محمد صدیق مدنی، گورنمنٹ ہائی سکول پرانا چمن کے پرنسپل طاہر محمود اور ہائی سکول ملا شاہسوار چمن کے سابق پرنسپل ولایت خان اور دیگر اساتذہ قائدین نے خطاب کیا۔

بقیہ 61

مطابق انسپکٹر محمد خان محمد حسنی ایس ایچ او حفیظ آباد صدر پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار انسپکٹر محمد عیسی کھوسو ایس ایچ او کیٹل فارم تھانہ جبکہ انسپکٹر محمد مراد بھنگر ایس ایچ او سٹی پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار تعینات کر دیئے گئے۔

بقیہ 62

مخدوم شاہ محمود حسین قریشی کی زیر سرپرستی اور مخدوم زادہ محمد زین حسین قریشی کی زیر صدارت منعقد ہوں گی۔ عرس میں ملک کے مختلف علاقوں سے علماء و مشائخ کے علاوہ ہزاروں زائرین شریک ہوں گے۔ ان تقریبات میں سٹیج سیکرٹری کے فرائض پروفیسر ڈاکٹر محمد صدیق خان قادری سرانجام دیں گے جو گزشتہ 50 سال سے درگاہ غوثیہ سہروردیہ کے ترجمان اور عرسوں کی تمام نشستوں میں سٹیج سیکرٹری کے فرائض بحسن و خوبی ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 63

صوبائی اسمبلی شہزاد خان چھی، وسیم احمد شیخ، شیخ محمد سلیم، صدر ملسی پریس کلب سجاد احمد سعیدی، جنرل سیکرٹری میاں ندیم ممتاز، میاں عزیز الرحمٰن، جہانگیر ہاشمی، راؤ ظفر اقبال اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ سیمینار میں شہزاد خان چھی نے دوستوں کے ہمراہ بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے صدر ملسی پریس کلب سجاد احمد سعیدی اور جنرل سیکرٹری میاں ندیم ممتاز کو اس اہم صوبائی ایشو پر سیمینار کے انعقاد پر مبارکباد دی اور پریس کلب کے تمام دوستوں کا شکریہ ادا کیا۔ خطاب کرتے ہوئے شہزاد خان چھی نے کہا کہ "چھوٹے صوبے بنیں گے تو خوشحالی آئے گی۔

بقیہ 64

واضح کیا کہ بلوچستان وائلڈ لائف (پروٹیکشن، پریزرویشن، کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ) ایکٹ 2014ء اور اس کے تحت نافذ قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ محفوظ انواع کے شکار یا انہیں نقصان پہنچانے کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی انہوں نے عوام الناس اور تمام متعلقہ اداروں سے اپیل کی کہ جنگلی حیات کے تحفظ میں محکمہ جنگلات و جنگلی حیات سے تعاون کریں اور غیر قانونی شکار یا جنگلی حیات کی غیر قانونی تجارت کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ حکام کو دیں کیونکہ جنگلی حیات ہمارا قیمتی قدرتی ورثہ ہے اور اس کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 65

ضابطگی اور خرد برد کی گئی، جبکہ انہیں صرف 10 لاکھ روپے ادا کیے گئے، میر علی قلندرانی کے مطابق بلوچستان حکومت کی جانب سے کسانوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے زرعی ٹیوب ویلوں کو سولرائزیشن پر منتقل کرنے کے پروگرام کے تحت ان کے دادا کے نام پر 20 لاکھ روپے منظور ہوئے تھے، تاہم مبینہ طور پر رقم میں سے 10 لاکھ روپے انہیں دیے گئے اور باقی رقم کے حوالے سے انہیں بتایا گیا کہ یہ رقم "لیپس" ہو گئی ہے انہوں نے کہا کہ اس خرد برد اور دھوکہ دہی میں تحصیلدار جلال مری، پولیس سپاہی بہادر خان مری اور پولیس سپاہی حنیف بھی شامل ہے جو اس وقت ڈی سی آفس میں کلرک تعینات ہے، انہوں نے کہا کہ ہمارے داد کے نام پر بیس لاکھ روپے فراڈ اور دھوکہ دہی کے ذریعے جس اکاؤنٹ پر ٹرانسفر کیے گئے ہیں ان کے ریکارڈ موجود ہے جو ایک خاتون کے نام ہے جو شاید مذکورہ گروہوں کا کوئی رشتہ دار ہو شہری نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ رسم و رویات میں خواتین کا نام لینا غیر مناسب سمجھا جاتا ہے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ مذکورہ گروہوں کو بے نقاب کرنے کے لئے میں کسی کی عزت اور لج یعنی مذکور اکاؤنٹ کی تفصیل بتانے جا رہا ہوں جس کا نام ہے

بقیہ 66

عبدالخالق موسیانی نے اپنے مشترکہ بیان میں مسلم لیگ ن بلوچستان کے صوبائی سیکریٹریٹ کے قیام پر پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ اور مسلم لیگ ن بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات محمد سلیم خان کھوسہ کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے بلوچستان میں مسلم لیگ ن کو مزید فعال اور منظم بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے اور اپنی سیاسی و تنظیمی کاوشوں سے پارٹی کو صوبے میں مضبوط کیا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ بالخصوص جمال شاہ کاکڑ کی دن رات پارٹی کے لیے محنت، لگن اور تنظیمی سرگرمیوں نے مسلم لیگ ن کو بلوچستان میں ایک بڑی اور مضبوط سیاسی جماعت بنانے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی سیکریٹریٹ کا قیام پارٹی کارکنوں کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید فروغ ملے گا اور کارکنوں کو بہتر انداز میں اپنے قائدین اور جماعتی امور سے منسلک ہونے کا موقع ملے گا۔ مسلم لیگ ن کے رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ پارٹی کی مضبوطی، تنظیم سازی اور عوامی رابطہ مہم کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ نواز کا صوبائی سیکریٹریٹ قائم کرنے سے نہ صرف مسلم لیگی ورکرز کے مسائل کو حل کرنے میں مدد ملے گی بلکہ اس سے مسلم لیگ نواز کی جڑیں صوبے میں مزید مضبوط بنیں گی۔

بقیہ 67

ساوند نامی شخص کا سی ڈی موٹر سائیکل ماڈل 2026 موبائل فون نقدی رقم نامعلوم مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر چھین کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

بقیہ 68

سے معمول کے گشت پر روانہ ہوئے جو بعد ازاں لاپتہ ہو گئے اور ان سے تاحال کوئی رابطہ نہیں ہو سکا ہے جب منگل کی شام کو اپنے گھر واپس پہنچ گئے ہیں

بقیہ 69

بیرسٹر شیخ امیر خان مندوخیل تھے۔ پروگرام میں ڈائریکٹر سکولز ژوب ڈویژن لعل جان موسیٰ خیل، ڈائریکٹر بیوٹمز کیمپس ڈاکٹر عبدالسلام لودھی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شیخ موسیٰ خان مندوخیل، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن وزیر خان ناصر، نائب تحصیل دار جمیل الرحمان اور دیگر علاقائی و تعلیمی معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شیخ موسیٰ خان مندوخیل، مہمانِ خاص بیرسٹر امیر خان مندوخیل، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر رحیم مندوخیل، ڈاکٹر عبدالسلام لودھی، نائب تحصیل دار جمیل الرحمان اور جی ٹی اے کے ضلعی صدر مولوی مشہود شاہ نے اساتذہ کرام کی عظمت، قربانیوں اور سماجی وقار کو شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ اساتذہ معاشرے کے سرفرست اور معمارِ قوم ہیں، جن کی محنت اور رہنمائی کے بغیر کوئی بھی قوم ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اساتذہ کا احترام صرف ایک دن تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ یہ ہمارا دائمی اخلاقی و مذہبی فریضہ ہے۔

گوادر چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال میں ڈائلیسس اور تھیلیسیمیا سینٹرز کا معائنہ کر رہے ہیں

کو چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا گوادر پورٹ اتھارٹی کا دورہ

سرمایہ کاری کے فروغ اور گوادر کو اقتصادی گیٹ وے کے طور پر مزید مستحکم بنانے کے لیے مؤثر تعاون جاری رکھیں گے، عبداللہ خان

گوادر (خ ن) کو چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) عبداللہ خان نے گوادر پورٹ اتھارٹی (جی پی اے) کا دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر ڈائریکٹر منیر احمد بانا نے گوادر پورٹ کی فعال کاری، اس کی آپریشنل ترقی اور تجارت و اقتصادی سرگرمیوں میں اضافے کے امکانات پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ اس موقع پر بی آر اے اور جی پی اے کے درمیان (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

گوادر، نئے لوڈر رکشے واٹر، باغبانی اور میونسپل ونگ سمیت متعلقہ شعبوں کے حوالے کر دیے

گوادر (خ ن) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے شہری خدمات کو مزید مؤثر بنانے کیلئے اپنے مشینری و ٹرانسپورٹ فلیٹ میں چھ نئے جدید لوڈر رکشوں کا اضافہ کر دیا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان نے نئے (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

گوادر، لکڑی اور دیگر جنگلاتی پیداوار کی غیر مجاز نقل و حمل، ترسیل اور منتقلی پر پابندی عائد

پرمٹ یا اجازت نامے کی پیشکش کی بنیاد پر ضبط شدہ گاڑی یا لکڑی کی رہائی کا استحقاق حاصل نہیں ہوگا

گوادر (خ ن) ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات ضلع گوادر اسداللہ نے تمام ٹرانسپورٹرز، ٹھیکیداران، آرا مشین مالکان، لکڑی کے کاروبار سے وابستہ افراد اور عوام الناس کو آگاہ کیا ہے کہ حکومت بلوچستان، محکمہ داخلہ کے حکم نامہ نمبر 1898 مورخہ 26 ستمبر 2026ء کے تحت دفعہ 144 ضابطہ فوجداری 1898 کے تحت صوبے میں لکڑی اور دیگر جنگلاتی پیداوار کی غیر مجاز نقل و حمل، ترسیل (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹلائزیشن عالمی توجہ کا مرکز بن گئی

ڈیجیٹل ہیلتھ پالیسی اور اصلاحات کو 26 ممالک کی شرکت والی بین الاقوامی کانفرنس میں نمایاں کیا گیا ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹلائزیشن عالمی توجہ کا مرکز بن گئی صوبے کی ڈیجیٹل ہیلتھ پالیسی اور اصلاحات کو 26 ممالک کی شرکت والی بین الاقوامی کانفرنس میں نمایاں کیا گیا ہے سری لنکا کے دارالحکومت کولمبو میں منعقدہ ڈی ایچ آئی ایس ٹو ایشیا پیسیفک کانفرنس میں بلوچستان کے ڈیجیٹل ہیلتھ ماڈل اور صحت کے نظام میں ٹیکنالوجی کے عملی استعمال کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کرایا گیا کانفرنس میں مختلف ممالک کے نمائندگان، ماہرین صحت اور ترقیاتی شراکت دار شریک ہوئے صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کانفرنس (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

ڈاکٹر سلیم زرکون کا گورنمنٹ ہائی سکول بارکھان، کوڈی موڑ رکنی اور ملحقہ سکولوں کا اچانک دورہ

بارکھان/رکنی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہ سلیمان ڈویژن رکھنی ڈاکٹر سلیم زرکون نے گورنمنٹ ہائی سکول بارکھان، گورنمنٹ ہائی سکول کوڈی موڑ گورنمنٹ ہائی سکول رکنی اور دیگر ملحقہ سکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا

عبداللہ خان سے ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ملاقات

گوادر (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کے چیئرمین عبداللہ خان اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی۔ جس میں ضلع گوادر میں ٹیکس بیس کی توسیع اور محصولات کی وصولی کو بہتر بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گنداواہ کا تفصیلی دورہ

ہسپتال میں ادویات کے اسٹاک کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے، عبدالغفور جمالی

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی ہدایات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جھل مگسی عبدالغفور جمالی نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گنداواہ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال میں دستیاب ادویات مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور ادویات کے اسٹاک کا باریک بینی سے جائزہ لیا اس موقع پر سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق آرائیں نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال میں موجود مختلف اقسام کی ادویات ان کے اسٹاک کی موجودہ صورتحال مریضوں کو ادویات کی فراہمی اور علاج معالجے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

پسنی، خواندگی اور عددی مہارتوں کے فروغ کیلئے 16 روزہ اساتذہ تربیتی پروگرام اختتام پذیر

عملی تربیت فراہم کی تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء سٹرفکیٹ تقسیم کیے گئے

پسنی (خ ن) گلوبل پارٹنرشپ فار ایجوکیشن (GPE) اور یونیسیف (UNICEF) کے تعاون سے پروونشل انسٹیٹیوٹ فار ٹیچر ایجوکیشن (PITE) بلوچستان کے زیرِ اہتمام خواندگی اور عددی مہارتوں کے فروغ کیلئے 16 روزہ اساتذہ تربیتی پروگرام پسنی (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)



پیپلز پارٹی عوامی خدمت کے ایجنڈے پر گامزن ہے، سردار عبیداللہ گورگیج

بلوچستان کی ترقی اور عوامی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات ہیں۔ رکن بلوچستان اسمبلی

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا رہا ہے، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (پ ر) رکن بلوچستان اسمبلی و پیپلز پارٹی کے رہنما سردار عبیداللہ گورگیج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت کے ایجنڈے پر گامزن ہے اور عوام کی فلاح و بہبود، بلوچستان کی ترقی اور بنیادی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، بے روزگاری کے خاتمے اور عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ سردار عبیداللہ (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ چمن شاہراہ پر بھتہ خوری و شہریوں پر تشدد قابل مذمت ہے، پشتونخوا میپ

چمن (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع چمن کے جاری کردہ بیان میں چمن کوئٹہ شاہراہ، میزئی اڈہ پر غریب ٹرک ڈرائیوروں سے کھلی بھتہ خوری نہ دینے یا مزاحمت پر مارپیٹ، مال بردار ٹرکوں کو روکنا ان (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

آج بھی قوم کی نظریں علماء حق کی جانب مرکوز ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

9 اکتوبر کو بعد از نمازِ جمعہ جناح روڈ سے عظیم الشان امن ریلی نکالی جائے گی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت سلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ ملک و قوم کو (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، مظلوم عوامی تحریک کے سربراہ صادق اچکزئی سے بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

جعفرآباد، جی پی ای، یونیسیف پروگرام کے تحت 16 روزہ تربیتی پروگرام کامیابی سے اختتام پذیر

اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے انتہائی اہم ہے، مقررین

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) بنیادی خواندگی اور عددی مہارتوں کے حوالے سے جی پی ای، یونیسیف پروگرام کے تحت منعقد ہونے والا 16 روزہ تربیتی پروگرام کامیابی سے اختتام پذیر ہوگیا۔ اس سلسلے میں آخری روز ایک پروقار اختتامی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں تربیت مکمل کرنے والے اساتذہ میں اسناد تقسیم کی گئیں۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ایڈیشنل کمشنر جعفرآباد حضور بخش بگٹی تھے، جبکہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میڈم عائشہ بگٹی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

جعفرآباد میں یومِ تکریم اساتذہ کے سلسلے میں رنگارنگ، شاندار اور پروقار تقریب

سکول انتظامیہ اور طلباء کی جانب سے مہمانانِ گرامی کا شاندار استقبال کیا گیا

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول روجھان جمالی، ضلع جعفرآباد میں یومِ تکریم اساتذہ کے سلسلے میں ایک رنگارنگ، شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت و میزبانی ہیڈ ماسٹر نصراللہ خارانی نے کی۔ تقریب میں ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ گرلز ہائی سکول روجھان جمالی محترمہ شاہدہ مگسی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول اسماعیل چھلگری واحد بخش نندوانی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کیٹل فارم امان (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

نوجوان روزگار کے بجائے روزگار پیدا کرنے کی طرف آئیں، بلال کاکڑ

معدنیات سے لے کر ساحلی معیشت، زراعت، لائیو اسٹاک، ماہی گیری، سیاحت اور ٹیکنالوجی تک ہر شعبے میں نئے کاروباری ماڈلز کی گنجائش موجود ہے

سرمایہ کاری بورڈ کی ترجیح صرف سرمایہ کاری لانا نہیں بلکہ سرمایہ کاری کو کامیاب بنانا ہے، وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت بلوچستان کو ترقی کے لیے کسی ایک شعبے یا ایک بڑے منصوبے پر انحصار کرنے کے بجائے اپنی پوری معیشت کو متحرک کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ ہمارا ہدف ایسا معاشی ماحول تشکیل دینا ہے جہاں مقامی کاروبار آگے بڑھیں، نوجوان روزگار کے بجائے روزگار پیدا کرنے کی طرف (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

ایلسئین اریگیشن پٹ فیڈر کینال سے عبدالمجید عمرانی، سمیت مختلف ٹھیکیداروں، زمینداروں کی ملاقات

افسران اور زمینداروں کے درمیان مؤثر رابطہ نہری نظام کی بہتری اور زرعی شعبے کے مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کرتا ہے

باباکوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) ایلسئین اریگیشن پٹ فیڈر کینال میر فرید احمد پندرانی سے سیاسی و سماجی شخصیت عبدالمجید عمرانی، ایلسئین پچھی کینال الٰہی بخش گاجانی، ایس ڈی او کشمور ممتاز علی سومرو، ایس ڈی او سول بخش پندرانی سمیت مختلف ٹھیکیداروں، زمینداروں اور مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پٹ فیڈر (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

ایلسئین اریگیشن پٹ فیڈر کینال میر فرید احمد پندرانی سے سیاسی و سماجی شخصیت عبدالمجید عمرانی
ایلسئین پچھی کینال الٰہی بخش گاجانی اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

کلسٹر انسپیکشن کمیٹی گنداخہ کا گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گنداخہ کے کلسٹر کا تفصیلی معائنہ

اوستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پالال کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر استا محمد ماریہ شمعون کی سربراہی میں کلسٹر اسپیکشن کمیٹی گنداخہ نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گنداخہ کے کلسٹر کا تفصیلی معائنہ کیا معائنے کا مقصد کلسٹر کے تحت مختلف اسکولوں کے (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

چیئرمین گوادر پورٹ کا گوادر ایمبولینس سروس کے انچارج نسیم بلوچ سے ملاقات

گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے گوادر ایمبولینس سروس کے انچارج نسیم بلوچ سے ملاقات کی، جس کے ملاقات میں گوادر پورٹ کی جانب سے ایک ایمبولینس گوادر ایمبولینس سروس کے حوالے کی گئی اس موقع پر نسیم بلوچ نے چیئرمین گوادر پورٹ کو ایمبولینس سروس کی ضروریات، دستیاب سہولیات اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی ہنگامی طبی خدمات سے آگاہ کیا۔

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول روجھان جمالی، ضلع جعفرآباد میں یومِ تکریم اساتذہ کے سلسلے میں ایک رنگارنگ، شاندار اور پروقار تقریب سے ہیڈ ماسٹر نصراللہ خارانی خطاب کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب پوزیشن ہولڈرز میں انعامات تقسیم کئے جا رہے ہیں

عدالتی احکامات پر ایس ایچ او ڈیرہ اللہ یار انسپکٹر جاوید کھوسو اور تفتیشی افسر سب انسپکٹر سونا جمالی کو معطل

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد عدالتی احکامات کی تعمیل ایس ایس پی جعفرآباد نے ایس ایچ او ڈیرہ اللہ یار اور تفتیشی افسر کو معطل کر دیا پولیس کے مطابق عدالتی احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی جعفرآباد نے ایس ایچ او پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار انسپکٹر جاوید کھوسو اور تفتیشی افسر سب انسپکٹر سونا خان جمالی کو معطل کر دیا۔

سردار گھرانے کی عوامی خدمات قابلِ تحسین، تحصیل آفس گنداخہ فعال

سردار گھرانے کی عوامی خدمت اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کسی سے ڈھکے چھپے نہیں

گنداخہ (نامہ نگار) چیف سردار محمد ہارون خان جمالی اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی کاوشوں سے تحصیل آفس گنداخہ کو عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے دوبارہ فعال کر دیا گیا ہے، جس پر شہریوں اور عوامی حلقوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے چیف سردار محمد ہارون خان جمالی اور صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق تحصیل آفس گنداخہ کی فعالیت سے تحصیل گنداخہ کے عوام (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

امیر عبدالقدیر اعوان کینیڈا اور امریکہ کیلئے اسلام آباد ایئرپورٹ سے روانہ

دورے کا مقصد ذکر الٰہی، روحانی تربیت کرنا اور ذکر قلبی کی دعوت ہے

کوئٹہ (پ ر) حضرت امیر عبدالقدیر اعوان روحانی تربیتی دورے پر کینیڈا اور امریکہ کیلئے اسلام آباد ایئرپورٹ سے روانہ حضرت امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ سالانہ روحانی تربیتی دورے پر کینیڈا اور امریکہ کے لیے اسلام آباد ایئرپورٹ سے روانہ ہوگئے جہاں سالکین کی بڑی تعداد آپ کو رخصت کرنے کے لیے وہاں پہنچی۔ اس دورے کا مقصد ذکر الٰہی، روحانی (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

حضرت امیر عبدالقدیر اعوان روحانی تربیتی دورے پر کینیڈا اور امریکہ کے لئے اسلام آباد ایئرپورٹ سے روانہ ہو رہے ہیں

نوتال قومی شاہراہ مسافر کوچ اور رکشے میں تصادم مسافر ہلاک و دو خواتین سمیت سولہ افراد شدید زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نوتال قومی شاہراہ مسافر کوچ اور رکشے میں تصادم ایک مسافر ہلاک و دو خواتین سمیت سولہ افراد شدید زخمی ہوگئے زخمیوں کو طبی امداد کے بعد جیکب آباد ریفر کر دیا گیا پولیس کے مطابق نوتال پولیس تھانے کی حدود ایف سی چیک پوسٹ قومی (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

حافظ عبدالغنی شہزاد جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی معاون سیکرٹری اطلاعات مقرر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی ناظمِ عمومی آغا محمود شاہ نے باہمی مشاورت سے حافظ عبدالغنی شہزاد کو جمعیت علما اسلام بلوچستان کا صوبائی معاون سیکرٹری اطلاعات مقرر کر دیا ہے۔

ایف سی پی ایس پارٹ ون کے امتحانات 13 امتحانی مراکز پر آن لائن اور سخت نگرانی میں منعقد

تربت (خ ن) مکران ڈویژن میں پہلی مرتبہ فیلو آف کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (FCPS) پارٹ ون کے امتحانات تربت میں قائم کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) کے ریجنل آفس میں منعقد ہوئے، جن میں 20 ڈاکٹرز نے شرکت کی۔ امتحانات دو روز تک جاری رہیں گے۔ ملک بھر میں ایف سی پی ایس پارٹ ون کے امتحانات 13 امتحانی مراکز پر آن لائن اور سخت نگرانی میں منعقد کیے جا رہے ہیں۔

مظلوم عوامی تحریک کا بلوچستان میڈیا فورم کے مطالبات کی حمایت کا اعلان

بلوچستان میڈیا فورم کے دس نکاتی مطالبات کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ صادق خان اچکزئی

کوئٹہ (پ ر) مظلوم عوامی تحریک پاکستان نے بلوچستان بھر کے صحافیوں، سوشل میڈیا ایکٹوسٹس، شاعروں اور مصنفین کی نمائندہ تنظیم بلوچستان میڈیا فورم کے دس نکاتی مطالبات کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافت ریاست اور معاشرے کے درمیان پل کا (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

سردارزادہ میر ببرک خان کا سنیئر صحافی معشوق علی رند کے والد کے انتقال اظہار تعزیت و فاتحہ خوانی

میر پرویز رند، احسان رند، ساجد رند، صحافی محمد سلیم رند صحافی محمد یونس عمرانی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں

باباکوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) رند قبیلے کے سربراہ سابق صوبائی وزیر سردار یار محمد رند کے صاحبزادے ڈسٹرکٹ چیئرمین پچھی سردارزادہ میر ببرک خان نے محکمہ اریگیشن کے اہلکار قربان علی رند اور بینظیر بھٹو ڈسٹرکٹ پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی کے ممبر سنیئر صحافی معشوق علی رند کے والد کے انتقال پر ان کے گھر پہنچ کر اظہار تعزیت و فاتحہ خوانی کی ان کے ہمراہ حاجی غلام مصطفیٰ خان رند، حاجی علی مردان خان رند، میر امان اللہ خان رند، وڈیرہ علی غلام بولک رند، میر (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

جعفرآباد پولیس میں تقرروتبادلے متعدد ایس ایچ اوز کو تبدیل کر دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این ائی) جعفرآباد پولیس میں تقرروتبادلے متعدد ایس ایچ اوز کو تبدیل کر دیا گیا ایس ایس پی جعفرآباد نے پولیس میں تقرروتبادلے کر دیئے جس کے (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

مفت پیٹرول کی فراہمی کے اعلان کے بعد سے پیٹرول پمپس پر عوام کی رش

اگر واقعی عوام کو ریلیف دینا ہے تو اسے باعزت اور منظم طریقے سے دی جائے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) ملک میں مفت پیٹرول کی فراہمی کے اعلان کے بعد سے پیٹرول پمپس پر عوام کی رش دیکھی جا رہی ہے مختلف شہروں میں پیٹرول پمپس کے باہر لمبی قطاریں لگی ہوئی نظر آ رہی ہیں۔ موٹر سائیکل سوار، رکشہ ڈرائیور اور عام شہری ہاتھوں میں بوتلیں اور کین لیے گھنٹوں کے گھنٹے لمبی قطاروں میں کھڑے رہنے پر مجبور نظر آ رہے ہیں اس سلسلے میں لوگوں کا کہنا تھا (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

شاہ رکن الدین عالم سہروردی ملتانیؒ کا سالانہ عرس تقریبات 17 اکتوبر سے ملتان میں شروع ہوں گی

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) عظیم روحانی پیشوا۔ شیخ الاسلام حضرت شاہ رکن الدین عالم سہروردی ملتانی رح کے 713 ویں سالانہ عرس مبارک کی تقریبات 17 اکتوبر سے ملتان میں شروع ہوں گی اور 19 اکتوبر تک جاری رہیں گی۔ یہ تقریبات سجادہ نشین جناب (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

اساتذہ نسلوں کی علمی و اخلاقی تربیت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، مولانا قاری عبدالاحد

تعلیمی ترقی کیلئے اساتذہ کے مقام و مرتبے کا احترام اور حوصلہ افزائی ضروری ہے، مقررین

چمن (نامہ نگار) ملک فام ھاؤس کلی حاجی کرم خان کالونی چمن میں پرنسپل عبدالرحیم خان اچکزئی کی زیرنگرانی یوم اساتذہ کرام کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمانِ خصوصی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چمن جناب مولانا قاری عبدالاحد صاحب دامت برکاتہم العالیہ تھے۔ تقریب میں پرائیٹ کے ضلعی منتظم سید شفاعت اللہ آغا، ہائی سکولز کے (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

چمن، ملک فام ھاؤس کلی حاجی کرم خان کالونی چمن میں پرنسپل عبدالرحیم خان اچکزئی کی زیرنگرانی یوم اساتذہ کرام کی مناسبت سے پروقار تقریب سے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چمن جناب مولانا قاری عبدالاحد اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

چاول کی فصل پر خطرناک قسم کے پتا لپیٹ کیڑے کا حملہ، ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصل بری طرح متاثر

کسان اپنی مدد آپ کے تحت مہنگے داموں بازار سے اسپرے خرید کر فصل کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) نصیرآباد ڈویژن کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت و ممتاز زمیندار میر حاجی نصیر احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ صحبت پور، جعفرآباد، نصیرآباد اور اوستہ محمد کے اضلاع میں کھیتوں میں کھڑی چاول کی فصل پر خطرناک قسم کے پتا لپیٹ کیڑے کا حملہ جس سے ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصل بری طرح متاثر ہو رہی ہے میر حاجی نصیر احمد خان کھوسہ نے کہا کہ یہ کیڑا چاول کے پتوں کو جڑ سے کھا جاتا ہے، کسان اپنی مدد آپ کے تحت مہنگے داموں (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

مشینری کی فراہمی کے ساتھ ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہیں بھی بروقت ادا کی جائیں

بلدیاتی نظام میں مشینری کے ساتھ افرادی قوت بھی بنیادی حیثیت رکھتی ہے

باباکوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) مشینری کی فراہمی کے ساتھ ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہیں بھی بروقت ادا کی جائیں، عوامی حلقوں نے محکمہ بلدیات بلوچستان کی جانب سے بلدیاتی اداروں میں مشینری کی فراہمی پر توجہ دینے کے ساتھ ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہوں کی بروقت ادائیگی یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ صرف مشینری فراہم کرنا (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

کمشنر سیوی کی زیرِ صدارت کمپلینٹ ریڈریسل کمیٹی کا اجلاس

سیوی (خ ن) کمشنر سیوی ڈویژن عرفان اللہ خان کی زیرِ صدارت کمپلینٹ ریڈریسل کمیٹی (CRC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈویژنل ڈائریکٹر تعلیم سمیت ضلعی تعلیمی افسران اور کمیٹی کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔

مفکرِ اسلام مفتی محمودؒ کی جدوجہد عصرِ حاضر کے فتنوں کے مقابلے میں رہنمائی کا سرچشمہ ہے، مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام صوبہ بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود کی پوری زندگی دین، آئین، جمہوریت، اسلامی تشخص، قومی خودمختاری اور ختم نبوت کے تحفظ کی جدوجہد سے عبارت ہے۔ مفکرِ اسلام (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

صحافت ریاست اور معاشرے کے درمیان پل کا کردار ادا کرتی ہے، صادق اچکزئی

صحافیوں کے حقوق کے لیے ہر ممکن آواز بلند کرے گی

بھاگ (نامہ نگار) مظلوم عوامی تحریک پاکستان نے بلوچستان بھر کے صحافیوں، سوشل میڈیا ایکٹوسٹس، شاعروں اور مصنفین کی نمائندہ تنظیم بلوچستان میڈیا فورم کے دس نکاتی مطالبات کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافت ریاست اور معاشرے کے درمیان پل کا کردار ادا کرتی ہے، اس لیے صحافیوں کو درپیش مسائل کا حل اور ان کے بنیادی و پیشہ ورانہ (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اللہ یار، محفلِ میلادِ مصطفیٰ ؐ وسلسلہ بڑی گیارہویں شریف کا پروقار اور روح پرور پروگرام

پروگرام جعفرآباد میں اپنی نوعیت کا ایک عظیم الشان اور بین الاقوامی سطح کا روحانی و مذہبی اجتماع تھا

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) جعفرآباد کے ہیڈکوارٹر ڈیرہ اللہ یار میں عظیم الشان محفلِ میلادِ مصطفیٰ ؐ و سلسلہ بڑی گیارہویں شریف کا ایک پروقار اور روح پرور پروگرام منعقد ہوا، جس کا اہتمام علامہ مقبول احمد قادری کی زیرِ نگرانی کیا گیا۔ محفل میں، مشائخ، سیاسی و سماجی شخصیات، پولیس افسران، نعت خواں حضرات اور ملک بھر سے آئے ہوئے عاشقانِ رسول ؐ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ محفل کے خصوصی مقرر پیر طریقت، رہبرِ شریعت حضرت علامہ (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

جعفرآباد کے ہیڈکوارٹر ڈیرہ اللہ یار میں عظیم الشان محفلِ میلادِ مصطفیٰ ؐ کے موقع پر دعا کی جا رہی ہے

جناح پیپلز ٹرین کو نقصان پہنچانے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، بابر یوسفزئی

جناح پیپلز ٹرین کو نقصان پہنچانے یا خطرے میں ڈالنے والوں کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

عوامی سہولت کے منصوبے کو نقصان پہنچانا کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، معاون برائے داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ جناح پیپلز ٹرین عوام کی ملکیت اور عوامی سہولت کا منصوبہ ہے، اسے نقصان پہنچانے یا خطرے میں ڈالنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کو نقصان پہنچانے یا خطرے میں ڈالنے والوں کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، عوامی سہولت کے منصوبے کو نقصان پہنچانا کسی (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

خالق آباد منگچر، لاپتہ ہونے والے ایس ایچ او علی اصغر نیچاری گھر پہنچ گئے

قلات (این این آئی) خالق آباد منگچر کے علاقے لاپتہ ہونے والے ایس ایچ او علی اصغر نیچاری گھر پہنچ گئے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق منگل کو خالق آباد منگچر میں ایس ایچ او خالق آباد پولیس تانہ علی اصغر نچی گاڑی میں تھانے (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

ژوب، گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول ژوب میں پروقار اور عظیم الشان تقریب

ضلع ژوب میں تعلیم کی شمع کو روشن رکھنے کیلئے حکومت ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی

ژوب (بیورو چیف رفیق قیصرانی) سلام ٹیچر ڈے کے عالمی دن کی مناسبت سے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول ژوب میں ایک پروقار اور عظیم الشان تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا انعقاد گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کے تعاون اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ ژوب کی جانب سے مشترکہ طور پر کیا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خاص گورنر بلوچستان کے فرزند (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

سلام ٹیچر ڈے کے عالمی دن کی مناسبت سے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول ژوب میں پروقار اور عظیم الشان تقریب کے شرکاء

نامعلوم افراد اسلحہ کے زور ایک شخص سے موٹر سائیکل نقدی موبائل فون چھین کر فرار

پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی حدود گوٹھ بالو موڑ نصیر شاخ کے مقام پر غلام سرور ساوند نامی شخص سے سی ڈی موٹر سائیکل لے گئے

فرید آباد (نامہ نگار) پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی سے نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور ایک شخص سے موٹر سائیکل نقدی موبائل فون چھین کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی حدود گوٹھ بالو موڑ نصیر شاخ کے مقام پر غلام سرور (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

جمال شاہ کاکڑ نے بلوچستان میں مسلم لیگ ن کو مزید فعال اور منظم بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے عرض محمد بڑیچ

پارٹی کی مضبوطی، تنظیم سازی اور عوامی رابطہ مہم کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے رہیں گے

کوئٹہ (پ ر) مسلم لیگ ن رخشان ڈویژن کے صدر حاجی عرض محمد بڑیچ، مکران ڈویژن کے صدر اشرف ساگر بلوچ، سبی ڈویژن کے صدر قربان بگٹی، لورالائی ڈویژن کے صدر وڈیرہ خیر الدین سلارانی، نصیرآباد ڈویژن کے جنرل سیکرٹری محمد حسین گولہ، رخشان ڈویژن کے سینئر نائب صدر نثار احمد، کوئٹہ ڈویژن کے سینئر رہنما ارباب اقبال کاسی اور خضدار ڈویژن کے سینئر رہنما (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی سے دو نوجوان لاپتہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی ربی کے رہائشی دو نوجوان بھاگ جاتے ہوئے راستے سے پراسرار لاپتہ ورثاء کی جانب سے قرآن پاک اٹھا کر ان کی واپسی کی استدعا کر دی ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ربی کینال ایریا کے گوٹھ غلام مصطفیٰ پھز کے رہائشی دو نوجوان بلال احمد پھز اور حامد علی پھز 27 ستمبر کو بھاگ کیلئے روانہ ہوئے اور راستے میں پراسرار طور پر لاپتہ ہو گئے

میلسی پریس کلب کے زیر اہتمام صوبہ بناؤ سیمینار

شہزاد خان کھچی سمیت دیگر رہنماؤں کا خطاب

میلسی (جنرل رپورٹرز والفقار احمد گاذر) میلسی پریس کلب (رجسٹرڈ) عیدگاہ روڈ کے زیر اہتمام صوبہ بناؤ سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان میں جنوبی پنجاب سمیت نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ سیمینار سے حلقہ پی پی 235 کے امیدوار (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

کوہلو، زرعی ٹیوب ویل سولرائزیشن ریلیف میں مبینہ خرد برد، شہری کا حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

اپنا حق مانگنے پر تحصیلدار جلال مری اور اس کا بھائی بہادر خان دھمکیاں دے رہا ہے

کوہلو (نذر بلوچ قلندرانی) کوہلو کے علاقے تمبو سے تعلق رکھنے والے شہری میر علی قلندرانی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ زرعی ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کے لیے ان کے دادا کے نام پر منظور ہونے والے 20 لاکھ روپے کے ریلیف میں مبینہ بے (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

پریس کانفرنس
NPC
کوہلو، تمبو سے تعلق رکھنے والے شہری میر علی قلندرانی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

محفوظ انواع کے شکار یا انہیں نقصان پہنچانے کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی، اسد اللہ

جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار، جال بچھانے، پھندے لگانے، پکڑنے، نقل و حمل اور خرید و فروخت کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی

گوادر (خ ن) ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات ضلع گوادر اسداللہ نے عوام الناس، مقامی آبادی، شکاریوں، اور دیگر متعلقہ افراد کو خبردار کیا ہے کہ باہر سیانے والے پرندوں سمیت جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار، جال بچھانے، پھندے لگانے، پکڑنے، نقل و حمل اور خرید و فروخت کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ موسمی نقل مکانی کے دوران بڑی تعداد میں مہاجر پرندے بلوچستان کے ساحلی علاقوں، آبی ذخائر، جھیلوں اور قدرتی مساکن کا رخ کرتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کے لیے نگرانی اور کارروائی مزید مؤثر بنائی جا رہی ہے ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات نے (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)